www.dailymumtaz.com mumtazisb9@gmail.com
dailymumtazofficial @Dailymumtaz1
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
رجسٹرڈ نمبر NRP-002
THE DAILY MUMTAZ ISLAMABAD
روزنامہ ممتاز اسلام آباد
بانی: عبداللہ بٹ
جلد 04 جمعرات، 2 اپریل 2026ء، 13 شوال المکرم 1447ھ، 20 چیت 2082ب نمبر 270
صفحات 6 قیمت 15 روپے

سرکشی

ہیبت ناک آواز ہے۔ پس وہ اسی وقت میدان میں آ موجود ہوں گے۔ کیا آپ کو موسیٰ کا حال معلوم ہوا ہے۔ جب کہ مقدس وادی طویٰ میں اس کے رب نے اسے پکارا۔ فرعون کے پاس جاؤ کیونکہ اس نے سرکشی کی ہے۔ پس کہو کیا تیری خواہش ہے کہ تو پاک ہو۔ اور میں تجھے تیرے رب کی طرف راہ بتاؤں کہ تو ڈرے۔ پس اس نے اس کو بڑی نشانی دکھائی۔ تو اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی۔ پھر کوشش کرتا ہوا واپس لوٹا۔ پھر اس نے سب کو جمع کیا پھر پکارا۔ (سورۃ النازعات، آیت نمبر 13 تا 23)

(قرآنی آیات اور حدیث نبوی کا احترام سب پر لازم ہے)

MUST STUDIO

چین میں پاک افغان مذاکرات شروع، طالبان پاکستان مخالف سرگرمیاں روکنے پر آمادہ

تجارتی سرگرمیوں کیلئے سرحدی گزرگاہوں کو بند نہیں کیا جائے گا، پاکستان کی یقین دہانی، چین سکیورٹی خدشات پر پیشرفت کے جائزہ اور وعدوں کی تکمیل میں معاونت کرے گا، ذرائع

سہ فریقی اجلاس میں سکیورٹی، سرحدی معاملات اور اقتصادی روابط سمیت اہم امور زیر غور آئے، فریقین نے خطے میں پائیدار امن کے قیام کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر اتفاق کیا

اسلام آباد (طارق محمود سمیر) ارومچی میں پاکستان، افغانستان اور چین کے درمیان ایک اہم (سہ فریقی) اجلاس منعقد ہوا جس میں علاقائی امن و استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران چین نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان اعتماد سازی اور تعلقات کی بہتری کے لیے ثالثی کا کردار ادا کیا، چینی حکام نے دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور تعاون بڑھانے پر زور دیتے ہوئے اس بات کی اہمیت اجاگر کی کہ خطے میں ہم آہنگی اور مشترکہ مفادات کے حصول کے لیے مثبت اقدامات ناگزیر ہیں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ملکی معاشی صورتحال بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایران کے نئے رہنما نے جنگ بندی کی درخواست کر دی، آبنائے ہرمز کھلنے اور مکمل محفوظ ہونے پر ہی غور کریں گے، ڈونلڈ ٹرمپ

جنگ بندی کا ٹرمپ کا دعویٰ مسترد

ایران نے امریکی اینٹی ڈرون اور ارلی وارننگ ریڈار سسٹم تباہ کر دیا

تنازع کا مستقل حل جنگ بندی کیلئے لازم، ایرانی صدر، ازالہ تک جنگ جاری رہے گی، عراقچی، ایران کے ساتھ براہ راست بات چیت ہو سکتی ہے، مارکو روبیو

وعدہ صادق چہارم کی 88 ویں لہر میں اسرائیلی کنٹینر جہاز نشانہ، پاسداران کے سعودیہ میں امریکی اہداف پر حملے، اسرائیل کا 800 حملوں اور یو اے ای کا 5 میزائل، 35 ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ

تہران، واشنگٹن (ممتاز نیوز) ایران نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا جنگ بندی کی درخواست کا دعویٰ مسترد کر دیا۔ ایرانی وزیر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6)

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے پاسداران انقلاب نے خطے میں امریکی اہداف کو نشانہ بنانے اور سعودی عرب میں امریکی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 7)

پاکستان کا ایشیائی بینک سے 56 ارب قرض لینے کا فیصلہ

یہ رقم ٹیکس اور کسٹمز نظام میں شفافیت اور بہتری لانے پر خرچ ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے ایشیائی ترقیاتی بینک سے 56 ارب روپے سے زائد نیا قرض لینے کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت 20 کروڑ ڈالر کے مساوی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

پاکستان اور IFC کا تعاون بڑھانے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی کارپوریشن (آئی ایف سی) نے باہمی تعاون کو مزید گہرا کرنے، ترجیحی اقدامات پر تیز رفتار عملدرآمد کو یقینی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5)

آئینی عدالت نے وزیراعلیٰ KP کو عمران رہائی فورس بنانے سے روک دیا

کیا رکنیت سازی مہم شروع کر دی گئی؟ چیف جسٹس، 27 مارچ کو رکنیت سازی مہم بھی شروع کر دی گئی، وکیل

عدالت کی آرٹیکل 256 کی خلاف ورزی پر سخت وارننگ، 10 روز میں تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی آئینی عدالت نے پاکستان تحریک انصاف کے بانی اور سابق وزیراعظم عمران خان کی رہائی کے لیے فورس بنانے کے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمد سہیل خان آفریدی کے بیان کی روشنی میں کوئی بھی غیر قانونی اور غیر آئینی اقدام کرنے سے روک (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 8)

ٹرمپ کا اعلان جنگ بندی، دنیا کی سٹاک مارکیٹس تیز

پاکستان میں نمایاں تیزی ریکارڈ، جاپان کے نکئی میں 9 فیصد کا بڑا اضافہ

کراچی (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران جنگ سے نکلنے کے اعلان کے بعد بدھ کو پاکستان سمیت دنیا بھر کی اسٹاک مارکیٹس میں کاروبار کے دوران تیزی دیکھی جا رہی ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں صبح کاروبار کے دوران مثبت رجحان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 9)

معیشت کے استحکام اور عوامی فلاح کیلئے اقدامات جاری رکھیں گے، وزیراعظم

شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس، عالمی کشیدگی کے باوجود برآمدات اور پیداوار پر اثرات کم کرنے کے لیے موثر اقدامات کی ہدایت

نوجوانوں کی فنی و تکنیکی تربیت اولین ترجیح ہے، شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس، ویون گروپ کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (ممتاز نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت ملکی معیشت کی استحکام و ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے تمام ضروری اقدامات پر عزم انداز میں جاری رکھے گی، عالمی کشیدہ صورتحال کے تناظر میں پیداوار کی لاگت بڑھنے سے برآمدات اور ملکی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 10)

سولر صارفین کو جھٹکا، اضافی بجلی پر ریلیف ختم

بجلی پیدا کرنے والے صارفین کے لیے بلنگ کے نظام میں بڑی تبدیلی

مقررہ حد سے زائد پینلز تنصیب پر ایکسپورٹ یونٹس پر دیا ریلیف بھی ختم

اسلام آباد (وقائع نگار) وفاقی حکومت نے سولر سسٹم کے ذریعے بجلی پیدا کرنے والے صارفین کے لیے بلنگ کے نظام میں بڑی تبدیلی کرتے ہوئے اضافی بجلی پر دیا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 11)

سعودی سفیر پاکستان کی عالمی سفارتکاری کے معترف

سعودی عرب سمیت خلیجی ملکوں پر حملے شدید تشویش کا باعث ہیں

ہم سب کے مستقبل کیلئے عالمی قوانین کا احترام ناگزیر، نواف بن المالکی

اسلام آباد (وقائع نگار) سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی نے مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال پر پاکستان کے سفارتی کردار کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 12)

KP فورسز کی 2 کارروائیاں، بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے 13 دہشتگرد ہلاک

باڑہ خیبر آپریشن میں 10، بنوں میں 3 خوارج کو انجام تک پہنچایا گیا، فورسز نے متعدد ٹھکانے تباہ کر دیئے

دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے قومی عزم غیر متزلزل ہے، صدر، وزیراعظم، وزیر داخلہ، فورسز کی ستائش

راولپنڈی/اسلام آباد (ممتاز نیوز، وقائع نگار) سکیورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

ایرانی حکومت کے حق میں مظاہرے، صدر بھی شریک

تہران (این این آئی) ایران کے دارالحکومت تہران سمیت مختلف شہروں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 13)

کھیل کھیل میں گڑیا کا جنازہ، غزہ میں بچوں کی ویڈیو نے دنیا کو رلا دیا

غزہ (فارن ڈیسک) غزہ سے سامنے آنے والی ایک ویڈیو نے دیکھنے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد، سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن سے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو ملاقات کر رہے ہیں

کشمیر GB الیکشن، بلاول بھٹو مولانا کے پاس پہنچ گئے

دونوں رہنماؤں کا مستقبل میں قانون سازی پر بھی مشاورت پر اتفاق

عجلت کی قانون سازی سے پارلیمان کی ساکھ متاثر ہوتی، فضل الرحمان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

قوم کیلئے خوشخبری، وزیرستان کے کنویں سے تیل و گیس کی پیداوار شروع

وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے افتتاح کیا، وزیرستان میں مزید تلاش و پیداوار کے منصوبوں کی توقع ہے، ماڑی انرجیز

سعودی عرب سے خام تیل کے ایک جہاز کا انتظام ہوگیا، کویت سے بھی یقین دہانی حاصل کر لی گئی، ذرائع

اسلام آباد (ممتاز نیوز) وزیرستان بلاک میں اسپن وام-1 کنویں سے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

سہیل اشرف نئے چیف کمشنر اسلام آباد تعینات

وفاق نے محمد علی رندھاوا کو بطور چیف کمشنر عہدہ سے ہٹا دیا

چیئرمین CDA کا عہدہ بھی سہیل اشرف کو سونپا جائیگا، ذرائع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی حکومت نے چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کو عہدے سے ہٹا دیا ہے اور ان کی جگہ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 18)

حیدر آباد جیت کا مزہ نہ چکھ سکا، ہار کی ہیٹرک مکمل

ملتان سلطانز کی PSL میچ میں 6 وکٹوں سے شکست، فرحان کی سنچری

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 میں ملتان سلطانز نے حیدر آباد کنگز مین کو 6 وکٹوں سے شکست دے دی۔ قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے میچ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 19)

جنگ، آبنائے ہرمز میں 3 ہزار بحری جہاز محصور، 18 بھارتی بھی پھنس گئے

نقل و حمل کی قیمت دو سو فیصد سے بھی بڑھ گئی، چیزوں کی ترسیل کا وقت تین گنا زیادہ ہوگیا

ملائیشیا کے بحری جہازوں کو بغیر کسی ادائیگی کے گزرنے کی اجازت، متعدد جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کے انتظار میں

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران پر مسلط امریکا اور اسرائیلی جنگ کے سبب آبنائے ہرمز میں مختلف ممالک کے تین (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 22)

امریکی ایف 35 لڑاکا طیارہ گر کر تباہ، پائلٹ محفوظ رہا

لاس ویگاس (این این آئی) امریکہ کے ریاست نیواڈا میں لاس (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 20)

ایرانی پورٹ پر حملے میں جاں بحق پاکستانی کی میت کراچی پہنچا دی گئی

کراچی/تفتان (این این آئی) ایرانی پورٹ بندر عباس پر میزائل حملے میں جاں بحق پاکستانی نوجوان یاسر خان کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 21)

اوگرا کا ایل پی جی قیمتوں میں اضافے کا نوٹس

ریٹیل قیمتوں پر عملدرآمد ضلعی حکومتوں کی ذمہ داری ہے، اعلامیہ

ملک بھر میں مقررہ سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے مارکیٹ میں ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹس لے لیا۔ اوگرا کی جانب سے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 23)

بچوں کا داخلہ صرف ہدف نہیں تعلیمی نظام کو بھی بہتر بنایا جائیگا، دانیال چوہدری

نئے داخل ہونے والے بچوں کو تعلیمی نظام میں برقرار رکھ کر محفوظ ماحول میں کامیابی کے مواقع کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے گی

تعلیمی سہولیات کی بہتری کیلئے 20 کروڑ 50 لاکھ سے تعمیر و مرمت کا کام جاری ہے، پارلیمانی سیکرٹری کا گول میز کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کا ہدف صرف بچوں کا اسکولوں میں داخلہ نہیں بلکہ انہیں تعلیمی نظام میں برقرار رکھ کر معیاری، محفوظ اور معاون ماحول میں کامیابی کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اسی مقصد کے تحت این اے 57 میں رواں مالی سال کے دوران 39 ہزار بچوں کے داخلے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس میں سے چند ہفتوں میں 5 ہزار بچوں کو سکولوں میں داخل کیا جا چکا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں "سٹیز فار چلڈرن" اور ملالہ فنڈ کے اشتراک سے منعقدہ گول میز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس کا عنوان "متحرک تعلیم: ڈراپ آؤٹ میں کمی کے لیے تخلیقی حکمت عملیوں میں سرمایہ کاری" تھا۔ اجلاس میں پالیسی سازوں، ماہرین تعلیم اور ترقیاتی شراکت داروں نے شرکت کی اور اس امر پر غور کیا کہ بچوں کو نہ صرف تعلیم تک رسائی دی جائے بلکہ انہیں تعلیمی نظام میں برقرار رکھتے ہوئے ان کی ہمہ جہت نشوونما یقینی بنائی جائے۔ اس موقع پر مہمان خصوصی رکن قومی اسمبلی شائستہ پرویز ملک اور پارلیمانی سیکرٹری برائے تعلیم رابعہ نسیم فاروقی بھی موجود تھیں۔ بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ ان کے حلقہ این اے 57 میں جاری اقدامات وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وسیع تعلیمی ویژن کے عین مطابق ہیں جس کا مقصد تعلیم کے معیار اور رسائی دونوں کو بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تعلیمی سہولیات کی بہتری کے لیے 20 کروڑ 50 لاکھ روپے کی لاگت سے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)

پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پیرا کا سکول لیونگ سرٹیفکیٹ تصدیقی پورٹل لانچ

ایس ایل سی کی دستی تصدیق کا خاتمہ، والدین، طلبہ کو گھر بیٹھے مستفید ہونگے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری پرائیویٹ ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنز ریگولیٹری اتھارٹی (ICT-PEIRA) نے نجی تعلیمی اداروں کے لیے شفافیت، کارکردگی اور سہولت کو مزید بہتر بنانے کے لیے سکول لیونگ سرٹیفکیٹ (SLC) ایسٹیشن پورٹل کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے۔ اس پورٹل کی افتتاحی تقریب یکم اپریل 2026 کو منعقد ہوئی، جو پیرا کی جاری ڈیجیٹل ریفارمز ایجنڈا کے تحت ایک اہم پیش رفت ہے، جس کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ریگولیٹری نظام کو موثر اور عوام دوست بنانا ہے۔ اس سے قبل ایس ایل سی کی تصدیق کا عمل مکمل طور پر دستی (manual) تھا، جس کے باعث طلبہ، والدین اور تعلیمی اداروں کو بار بار دفاتر کے چکر لگانا پڑتے تھے اور وقت کا ضیاع ہوتا تھا۔ نئے آن لائن پورٹل کے ذریعے اب یہ عمل مکمل طور پر آسان، شفاف اور پیپر لیس ہو گیا ہے، جہاں درخواست جمع کروانے، اس کی پیش رفت معلوم کرنے اور تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی سہولت گھر بیٹھے میسر ہوگی۔ یہ اقدام پیرا کی جدت، شفافیت اور بہتر حکمرانی کے عزم کا عکاس ہے اور چیئرمین ICT-PEIRA، ڈاکٹر غلام علی ملاح کی قیادت میں ڈیجیٹل تبدیلی کی واضح مثال ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر غلام علی ملاح نے کہا کہ کووڈ-19 نے اداروں اور عوام کو ڈیجیٹل نظام اپنانے کے لیے ذہنی طور پر تیار کیا۔

فروزن اشیاء کو آئس کریم قرار دینے پر بھاری جرمانہ

کارروائی ایم ایس پاکستان فروٹ جوس کمپنی لمیٹڈ کی شکایت پر کی گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے صارفین کو گمراہ کرنے والے "آئس کریم" کیس میں دو فروزن ڈیزرٹ بنانے والی کمپنیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 35 ملین روپے جرمانہ وصول کر لیا ہے۔ یہ کارروائی ایم/ایس پاکستان فروٹ جوس کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کی شکایت پر کی گئی، جس میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ یونی لیور پاکستان اور فریز لینڈ کیمپینا اینگرو اپنی فروزن ڈیزرٹ مصنوعات کو ٹی وی اور سوشل میڈیا پر آئس کریم کے طور پر پیش کر کے صارفین کو گمراہ کر رہی ہیں۔ سی سی پی کی جانب سے کمپیٹیشن ایکٹ 2010 کے تحت کی گئی انکوائری میں یہ ثابت ہوا کہ مذکورہ کمپنیوں نے صارفین کو غلط اور گمراہ کن معلومات فراہم کیں، جو قانون کی خلاف ورزی ہے۔ کمیشن نے دونوں کمپنیوں پر ابتدائی طور پر 75، 75 ملین روپے جرمانہ عائد کیا تھا جبکہ یونی لیور پاکستان پر اپنی مصنوعات کو ڈیری آئس کریم سے زیادہ صحت بخش ظاہر کرنے پر مزید 20 ملین روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا تھا۔ کمیشن نے اپنے فیصلے میں پاکستان اسٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی اور پنجاب فوڈ ریگولیشنز 2018 کا حوالہ دیتے ہوئے واضح کیا کہ "آئس کریم" اور "فروزن ڈیزرٹ" دو الگ مصنوعات ہیں۔ آئس کریم دودھ، کریم یا دیگر ڈیری اجزاء سے تیار کی جاتی ہے، جبکہ فروزن ڈیزرٹ میں نباتاتی تیل شامل ہو سکتا ہے۔

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی سکیورٹی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فلسطینیوں کیلئے پھانسی قانون اسرائیلی بربریت، طاہر اشرفی

مسجد الاقصیٰ بند، گرفتاریاں جاری ہیں، عالمی برادری آواز بلند کرے، بیان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے اسرائیل کے فلسطینیوں کو پھانسی دینے کے قانون کی منظوری کو افسوسناک قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں طاہر اشرفی نے کہا کہ اسرائیل نے فلسطینیوں کو پھانسی دینے کا قانون منظور کر لیا، یہ اقدام انتہائی افسوسناک ہے، اہل فلسطین کیخلاف نئے قوانین اسرائیل کی بربریت کو ظاہر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 32 دن سے مسجد الاقصیٰ بند ہے اور فلسطینیوں کو گرفتار کیا جا رہا ہے، عالمی برادری اسرائیل کے ظالمانہ قوانین کے خلاف آواز بلند کرے۔ چیئرمین پاکستان علما کونسل نے کہا کہ اقوام متحدہ اور اسلامی تعاون تنظیم کو موثر کردار ادا کرنا ہوگا، فلسطینیوں پر اسرائیلی قوانین کا اطلاق غیر قانونی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کو امن کے لیے مل کر کردار ادا کرنا چاہیے، آزاد فلسطینی ریاست کا قیام وقت کی ضرورت ہے، جس کا دارالحکومت القدس ہو۔

بارشوں سے آبی ذخائر میں پانی کی سطح میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ملک میں جاری حالیہ بارشوں کے نتیجے میں آبی ذخائر کی صورتحال بہتر ہوگئی۔ انڈس ریور سسٹم اتھارٹی (ارسا) کے جاری اعداد و شمار کے مطابق تربیلا، منگلا اور چشمہ بیراج میں پانی کا وافر ذخیرہ جمع ہو چکا ہے۔ تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح 1449.82 فٹ تک پہنچ گئی ہے، جبکہ یہاں پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی صلاحیت 1550 فٹ ہے۔ ڈیم میں اس وقت قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 1.006 ملین ایکڑ فٹ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ تربیلا میں پانی کی آمد 43 ہزار کیوسک اور اخراج 20 ہزار کیوسک ہے۔ منگلا ڈیم میں پانی کی موجودہ سطح 1138 فٹ ریکارڈ کی گئی ہے، جبکہ اس کی انتہائی صلاحیت 1242 فٹ ہے۔ منگلا میں پانی کا ذخیرہ 1.268 ملین ایکڑ فٹ تک پہنچ گیا ہے۔

راولپنڈی، شادی سے واپسی پر فیملی کو لوٹ لیا گیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی کے تھانہ مورگاہ کی حدود میں شادی سے واپس گھر جانے والی فیملی کے ساتھ ڈکیتی کی واردات پیش آئی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی کے تھانہ مورگاہ کی حدود میں شادی سے واپس گھر جانے والی فیملی کے ساتھ ڈکیتی کی واردات پیش آئی جس دوران مزاحمت پر خاتون سمیت 3 افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ رات تھانہ مورگاہ کے علاقہ راہ امن میں ڈکیتی کی واردات پیش آئی۔ پولیس نے بتایا کہ متاثرہ فیملی شادی سے گھر واپس لوٹ رہی تھی کہ گھر کے دروازے پر 2 مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے حملہ کر کے زیور اور پیسے چھیننے کی کوشش کی، جس دوران ڈاکوؤں نے مزاحمت پر خاتون سمیت 3 افراد کو شدید زخمی کر دیا۔ پولیس نے بتایا کہ واقعے کے مقام کی سی سی ٹی وی ویڈیو حاصل کر لی ہے، ویڈیو کی مدد سے ملزمان کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔

راولپنڈی، بنی چوک میں ایک دکاندار نے ہار فروخت کے لئے لگائے ہوئے ہیں

نیئر بخاری کا کے پی میں 13 خوارج کی ہلاکت پر فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹ نیئر بخاری نے خیبر پختونخوا میں 13 خوارج کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جاری بیان میں نیئر بخاری نے باڑہ اور بنوں میں دہشتگردوں کے خلاف 2 کارروائیوں میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب حکمت عملی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان قومی سلامتی ادارے فتنہ الخوارج کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے تک کارروائیاں جاری رکھیں گے۔

جہلم، ڈرائیونگ ٹیسٹ کے دوران گاڑی بے قابو، شہری زخمی

جہلم (نامہ نگار) جہلم میں ڈرائیونگ ٹیسٹ کے دوران گاڑی بے قابو ہو کر گراؤنڈ میں کھڑے شخص پر چڑھ گئی، جس کے نتیجے میں ایک شہری زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ پولیس لائن کے گراؤنڈ میں پیش آیا جہاں ارسلان عزیز نامی شہری ڈرائیونگ ٹیسٹ دینے آیا تھا۔ ٹیسٹ کے دوران گاڑی اچانک کنٹرول سے باہر ہو گئی اور قریب کھڑے ایک شخص کو ٹکر مار دی۔ حادثے کے نتیجے میں متاثرہ شہری گاڑی کے نیچے آ کر زخمی ہو گیا جبکہ گاڑی کو بھی نقصان پہنچا۔ پولیس کے مطابق زخمی شخص کو فوری طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

روات، خاتون سے زیادتی میں ملوث 3 افراد گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی میں خاتون سے مبینہ اجتماعی زیادتی میں ملوث 3 افراد کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ مبینہ زیادتی کے واقعے کا مقدمہ تھانہ روات پولیس نے 29 مارچ کو درج کیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے شاپنگ کے لیے جانے والی خاتون سے گاڑی میں زیادتی کی تھی، واقعے میں استعمال ہونے والی گاڑی پولیس کی تحویل میں ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق متاثرہ خاتون کی والدہ نے بتایا تھا کہ میری بیٹی گاؤں سے روات بازار جانے کے لیے وین میں سوار ہوئی تھی۔

وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد کی موجودگی میں اے آئی ٹریننگ پروگرام کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جا رہے ہیں

ANF کارروائیاں، 1 من منشیات برآمد، 5 ملزمان گرفتار

کارروائیاں حیدرآباد، اٹک، راولپنڈی اور پسنی میں کی گئیں، مقدمات درج

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے مختلف شہروں میں کارروائیوں کے دوران 40.876 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے مختلف شہروں میں کارروائیوں کے دوران 40.876 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا ترجمان اے این ایف کے مطابق یہ کارروائیاں حیدرآباد، اٹک، راولپنڈی اور پسنی میں کی گئیں، کارروائیوں کے دوران 35 کلو 876 گرام چرس، 5 کلو آئس برآمد کر لی گئی ہے۔ اے این ایف کے ترجمان کے مطابق کارروائیوں کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔

راولپنڈی، 4 منشیات سپلائر گرفتار، 6 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 4 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 6 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 2 کلو 100 گرام چرس برآمد کی، گوجر خان پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 700 گرام چرس برآمد کی، چونترہ پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 650 گرام چرس برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 140 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔

راولپنڈی، بہترین کارکردگی پر افسران میں تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم کر دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی، ایس ایس پی انویسٹی گیشن ناصر علی خان نے انچارج ڈولفن سکواڈ انسپکٹر محمد عثمان، ایس ایچ او روات انسپکٹر زاہد ظہور، اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد نذیر اور ہیڈ کانسٹیبل ارسلان کو تعریفی سرٹیفکیٹس دیئے۔

میٹرک امتحانات، چیئرمین فیڈرل بورڈ کا مراکز کا دورہ

شفافیت یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات کئے، ڈاکٹر اکرام علی ملک کا اظہار اطمینان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر اہتمام جماعت نہم و دہم کے سالانہ امتحانات 2026 کے سلسلے میں چیئرمین ڈاکٹر اکرام علی ملک نے روٹس انٹرنیشنل سکول اینڈ کالج ایچ-8/4 اسلام آباد میں قائم امتحانی مرکز کا دورہ کیا۔ انہوں نے امتحانات کے شفاف اور منظم انعقاد کے لئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا اور مجموعی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ امتحانی عمل میں شفافیت، میرٹ اور قواعد و ضوابط کی مکمل پاسداری یقینی بنانے کے لئے موثر اقدامات کئے گئے ہیں۔ ڈاکٹر اکرام علی ملک نے امتحانی ہال میں نشستوں کی ترتیب، عملے کی مستعد نگرانی اور مقررہ طریقہ کار پر عملدرآمد کو سراہتے ہوئے اسے قابل تقلید قرار دیا۔ انہوں نے امتحانی مرکز کے ماحول کو بھی تسلی بخش قرار دیا اور صفائی ستھرائی، بنیادی سہولیات کی دستیابی اور عملے و طلبہ کے نظم و ضبط کو سراہا۔ چیئرمین نے طلبہ سے مختصر گفتگو بھی کی۔ انہوں نے مشاہدہ کیا کہ طلبہ پر اعتماد اور ذہنی طور پر پرسکون ہیں جو امتحانی نظام پر ان کے اعتماد کا مظہر ہے۔ چیئرمین فیڈرل بورڈ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سرکاری امتحانات کی ساکھ کو مزید مستحکم بنانے، میرٹ کے فروغ اور ادارہ جاتی شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

اسلام آباد میں چینی زبان کے نئے مرکز کا افتتاح

ژی یوان اکیڈمی HSK مہارت کی تربیت کو فروغ دینے کیلئے قائم کی گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چین اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر تعلیمی تعاون میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اسلام آباد میں "ژی یوان اکیڈمی" کا افتتاح کیا گیا، جو ملک بھر میں چینی زبان کی تعلیم اور HSK مہارت کی تربیت کو فروغ دینے کے لیے قائم کی گئی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق یہ تقریب چین اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کی تقریبات اور نئے دور میں HSK چینی زبان کی تعلیم کے عنوان سے منعقد ہوئی، جس کا مشترکہ اہتمام پاکستان چائنیز ایجوکیشن ایسوسی ایشن، جیانگشی یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، اور مقامی اسمارٹ اسکول نے کیا۔ ہائبرڈ طرز پر منعقد ہونے والی اس تقریب میں دونوں ممالک کے تعلیمی رہنماؤں، اداروں کے سربراہان اور اساتذہ نے شرکت کی۔ یہ اقدام پاکستان میں چینی زبان کی تعلیم کو ادارہ جاتی شکل دینے کی جانب ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔

ایمان مزاری و ہادی علی کیس جیل حکام سے رپورٹ طلب

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کیخلاف زیرو پوائنٹ پر پولیس اہلکاروں پر مبینہ تشدد کے کیس میں جیل حکام سے رپورٹ طلب کر لی گئی۔ کیس کی سماعت جج طاہر عباس سپرا نے کی، تاہم ملزمان ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو عدالت میں پیش نہیں کیا گیا۔ عدالت نے ملزمان کی عدم پیشی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے جیل حکام سے رپورٹ طلب کر لی اور ہدایت کی کہ ملزمان کو پیش نہ کرنے کی وجوہات سے آگاہ کیا جائے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 5 مئی تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف تھانہ آبپارہ میں دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج ہے۔

سی پی او راولپنڈی کا 3 شہریوں کے زخمی ہونے کا نوٹس، رپورٹ طلب

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے تھانہ مورگاہ کے علاقے میں فائرنگ سے 3 شہریوں کے زخمی ہونے کے واقعہ پر نوٹس لے لیا، ایس پی پوٹھوہار سے رپورٹ طلب کر کے ملوث ملزمان کی گرفتاری کا حکم دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے تھانہ مورگاہ کے علاقے میں گزشتہ رات واردات کے دوران فائرنگ سے 3 شہریوں کے زخمی ہونے کے واقعہ پر نوٹس لے لیا، سی پی او نے ایس پی پوٹھوہار سے رپورٹ طلب کی اور ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا، ابتدائی اطلاعات کے مطابق واردات کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کے خاتون سمیت تین شہریوں کو زخمی کیا گیا، واقعہ کی اطلاع پر ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب، ایس پی پوٹھوہار پولیس نفری کے ہمراہ فوری موقعہ پر پہنچ گئے۔

راولپنڈی، صدر لیبر یونین راجہ ہارون الرشید تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پارکنگ میں چوریاں معمول بن گئیں، شہری پریشان

پولیس کو آگاہ کر دیا، سکیورٹی کو مزید سخت کر دیا گیا، اعجاز خان

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) میٹرو صدر کے قریب واقعہ پوٹھوہار پارکنگ میں چوریاں اور ڈکیتیاں معمول بن گئیں شہری شدید پریشان، تفصیلات کے مطابق پوٹھوہار پارکنگ میں پہلے سکیورٹی کا نظام کافی موثر تھا لیکن اب پارکنگ سے موٹر سائیکل کے ہیلمٹ اور دیگر سامان چوری ہونا معمول بنا گیا پارکنگ کے کنٹریکٹر اعجاز خان اور اسسٹنٹ اویس خان کا کہنا ہے کہ اس حوالے سے پولیس کو آگاہ کر دیا ہے اور سکیورٹی کو مزید سخت کر دیا گیا ہے آئندہ ایسا کوئی واقعہ پیش نہیں آئے گا تاہم شہریوں کو چاہیے پوٹھوہار پارکنگ کی انتظامیہ کیساتھ مکمل تعاون کریں۔

راولپنڈی، خالہ کا بھانجی سے جسم فروشی کرانے کا انکشاف

خالو زیادتی کرنے کے بعد بلیک میل بھی کرتا رہا، خالہ، خالو اور نائیکہ گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی کے تھانہ پیرودھائی کے علاقے میں 17 سالہ لڑکی کو اغوا کر کے مبینہ زیادتی کا نشانہ بنانے سمیت نائیکہ کے حوالے کرنے اور دو ماہ تک لڑکی سے جسم فروشی کا دھندہ کرانے میں ملوث متاثرہ لڑکی کے خالہ و خالو سمیت نائیکہ کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق 17 سالہ لڑکی کی والدہ نے پیرودھائی پولیس کو مقدمہ درج کراتے ہوئے بتایا تھا کہ ہمشیرہ مسماۃ آمنہ بی بی جو پیرودھائی میں رہتی نے میری 17 سالہ بیٹی کو فون کر کے بلایا اور اپنے خاوند قیصر کے ساتھ مل کر اسکو اغوا کر کے دوسری رہائش مری میں لے گئے۔ جہاں بیٹی کے خالو قیصر نے بیٹی کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنایا اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیکر و تشدد کر کے ہمشیرہ نے نازیبا ویڈیوز بھی بنائیں اور بعد ازاں دونوں بیٹی کو پیرودھائی لے آئے۔ جہاں ایک ہوٹل پر نائیکہ مسماۃ طیبہ اور اس کے خاوند زکا کے حوالے کر دیا جہاں وہ اس سے زبردستی ویڈیوز وائرل کرنے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیکر جسم فروشی کا دھندہ کرواتے رہے جب کہ ہمشیرہ اور بہنوئی وہاں خیریت پوچھنے جاتے اور روزانہ دو ہزار روپے لیکر جاتے رہے۔

چین پاک دوستی، مفت طبی مشاورتی پروگرام کا انعقاد

طبی مشاورتی پروگرام 3 اپریل تک اسلام آباد کے میڈیسن سینٹر میں ہوگا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان میں چین کے سفارت خانے کے تعاون سے چین اور پاکستان کے سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر ایک مفت طبی مشاورت کا پروگرام 30 مارچ سے 3 اپریل تک اسلام آباد کے چی ہوانگ ٹریڈیشنل چائنیز میڈیسن سینٹر میں جاری ہے۔ یہ پروگرام اوورسیز چائنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کی جانب سے منظم کیا گیا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق یہ مفت طبی مشاورت کا پروگرام بنیادی طور پر پاکستان میں مقیم چینی شہریوں اور مقامی پاکستانی باشندوں کے لیے منعقد کیا گیا ہے جس میں مفت عمومی صحت کے معائنے کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق چینی سفارت خانے کی درخواست پر، چی ہوانگ ٹریڈیشنل چائنیز میڈیسن سینٹر نے ہر شریک چینی شہری کو سفارت خانے کی جانب سے فراہم کردہ فرسٹ ایڈ کٹس تقسیم کیں۔

فجر	5:20	طلوع آفتاب	5:54
ظہر	1:30	عصر	5:15
مغرب	6:30	عشاء	8:15

جمعرات کے روز بلوچستان، سندھ، خیبر پختونخوا میں اکثر مقامات پر میں تیز ہواؤں/آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش جبکہ بعض مقامات پر تیز/موسلا دھار بارش (چند مقامات پر ژالہ باری) کی توقع ہے۔

دہشتگردوں کا خاتمہ فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیت کا مظہر، حنیف عباسی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بنوں اور باڑہ میں 13 خارجی دہشتگردوں کا خاتمہ، سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظہر ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کا عزم قابل فخر ہے، پوری قوم کو ان پر ناز ہے، ملک دشمن عناصر کے خلاف ہر محاذ پر ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بہادری اور قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک پوری قوم متحد اور پرعزم ہے، دشمن کے ناپاک عزائم کو ہر بار ناکامی کا سامنا ہوگا۔

100 جامعات میں AI ٹریننگ کے MOU پر دستخط

پی ایم یوتھ پروگرام، نیوٹک، HEC، اے آئی سکل برج نے دستخط کئے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام، نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (نیوٹک)، ہائر ایجوکیشن کمیشن اور اے آئی سکل برج نے قومی سطح پر ایک مربوط پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت 100 جامعات میں 6,000 طلبہ کو مصنوعی ذہانت (اے آئی) کی تربیت فراہم کرنے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے ہیں۔ بدھ کو وزیر اعظم یوتھ پروگرام سے جاری بیان کے مطابق پاکستان کے ڈیجیٹل مستقبل کی جانب ایک اہم اور فیصلہ کن پیش رفت کے طور پر وزیر اعظم آفس میں اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کی۔ اجلاس کے دوران مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ ایم او یو کے تحت وزیر اعظم یوتھ پروگرام، نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن، ہائر ایجوکیشن کمیشن اور اے آئی سکل برج (جو اے ایکس آئی ٹیکنالوجی کی ذیلی کمپنی ہے) باہمی اشتراک سے پاکستان میں مصنوعی ذہانت کی تعلیم اور مہارتوں کے فروغ کے لیے قومی سطح پر ایک مربوط پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ تشکیل دے رہے ہیں۔ یہ معاہدہ اے سی ٹی اے آئی کو پاکستان کا پہلا قومی سطح پر مربوط، یونیورسٹی لیول اے آئی سکلز پروگرام قرار دیتا ہے۔

نمایاں کامیابی پر طالبہ عائشہ کیلئے لیپ ٹاپ کا اعزاز

وزیر مملکت وجیہہ قمر نے طالبہ کو لیپ ٹاپ دیا، کارکردگی کو سراہا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی اردو یونیورسٹی کی ہونہار طالبہ عائشہ بنت مسعود نے بی ایس سافٹ ویئر انجینئرنگ کے پروگرام میں نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے اعلیٰ پوزیشن اپنے نام کی۔ اس شاندار کارکردگی کے اعتراف میں انہیں پرائم منسٹر لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت لیپ ٹاپ سے نوازا گیا۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر نے عائشہ بنت مسعود کو لیپ ٹاپ پیش کیا اور ان کی محنت، لگن اور تعلیمی صلاحیتوں کو سراہا۔ اس موقع پر وفاقی اردو یونیورسٹی کے وائس چانسلر ضابطہ خان شنواری بھی موجود تھے۔ وزیر مملکت نے اس امید کا اظہار کیا کہ عائشہ بنت مسعود مستقبل میں بھی اسی جذبے کے ساتھ کامیابیاں حاصل کرتی رہیں گی اور ملک و قوم کا نام روشن کریں گی۔

اسلام آباد، وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی موجودگی میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جا رہے ہیں

THE DAILY MUMTAZ
روزنامہ ممتاز
051-8437994-3
051-8357772
www.dailymumtaz.com
بانی: عبداللہ بٹ
جمعرات، 2 اپریل، 2026، 13 شوال المکرم، 1447ھ

یورپی کمیشن کی شہریوں کو ورک فرام ہوم کی ہدایت

توانائی بحران کے باعث ڈرائیونگ اور فضائی سفر کم کرنے کی اپیل

برسلز (فارن ڈیسک) یورپی کمیشن نے ممکنہ توانائی بحران کے باعث شہریوں کو گھروں سے کام کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ تفصیلات کے مطابق یورپی کمیشن نے ممکنہ توانائی بحران کے باعث شہریوں کو گھروں سے کام کرنے کی ہدایت کردی ہے یورپی میڈیا کے مطابق یورپ میں بسے افراد کو ڈرائیونگ اور فضائی سفر کم کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔ یورپی کمیشن کا کہنا تھا کہ ایران جنگ کے باعث طویل توانائی بحران کا خدشہ ہے، یورپی ممالک کو فوری طور پر قابل تجدید توانائی اپنانے کی ہدایت کی ہے۔ یورپی میڈیا کے مطابق یورپی کمیشن نے بحران سے نمٹنے کے لیے ہنگامی اقدامات تیز کرنے پر زور دیا ہے۔

روس کا فوجی طیارہ گر کر تباہ، 29 افراد ہلاک

طیارے پر کوئی حملہ نہیں ہوا، فنی خرابی کے بعد پہاڑ سے ٹکرایا، وزارت دفاع

ماسکو (انٹرنیشنل ڈیسک) روس کا فوجی ٹرانسپورٹ طیارہ کریمیا میں گر کر تباہ ہوگیا، حادثے میں عملے کے 6 ارکان سمیت 29 افراد ہلاک ہوگئے۔ خبر رساں اداروں کے مطابق روسی وزارت دفاع نے بتایا کہ اڑان بھرنے کے بعد شام 6 بجے کے قریب طیارے سے رابطہ منقطع ہوگیا تھا، طیارہ بحیرہ اسود کے قریب پہاڑی علاقے میں گر کر تباہ ہوا۔ روسی وزارت دفاع کا کہنا تھا کہ طیارے پر کوئی حملہ نہیں ہوا، ممکنہ طور پر فنی خرابی کے بعد طیارہ ایک پہاڑ سے ٹکرا گیا۔ روسی میڈیا کے مطابق حادثے کے بعد امدادی کارروائیاں شروع کردی گئی ہیں۔

اماراتی ایئر لائنز پر ایرانیوں کی انٹری اور ٹرانزٹ پر پابندی

ایرانی شہریوں پر پابندی کی کوئی وجوہات نہیں بتائی گئیں، امریکی میڈیا

ابوظہبی (فارن ڈیسک) اماراتی ایئر لائن نے ایرانی شہریوں کی انٹری اور ٹرانزٹ پر پابندی لگادی۔ امریکی اخبار کے مطابق ایرانی شہریوں کو امارات میں داخل ہونے اور اس کے ذریعے ٹرانزٹ کی اجازت نہیں ہوگی۔ تفصیلات کے مطابق اماراتی ایئر لائن نے ایرانی شہریوں کی انٹری اور ٹرانزٹ پر پابندی لگادی۔ امریکی اخبار کے مطابق ایرانی شہریوں کو امارات میں داخل ہونے اور اس کے ذریعے ٹرانزٹ کی اجازت نہیں ہوگی امریکی اخبار کا کہنا تھا کہ اماراتی ایئر لائن کی جانب سے ایرانی شہریوں پر پابندی کی کوئی وجوہات نہیں بتائی گئیں۔

مظفرآباد، وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور سینٹرل بورڈ آف ریونیو اوران لینڈ ریونیو کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

برطانیہ: تنخواہوں میں اضافہ، بجلی سستی

فیصلہ توانائی بحران میں مہنگائی کا مقابلہ کرنے کیلئے کیا، وزیر اعظم

24 لاکھ ملازمین کو 900 پاؤنڈ اضافی ملیں گے، کم از کم تنخواہ میں بھی اضافہ کردیا گیا، انرجی بلز میں سالانہ اوسطاً 117 پاؤنڈ کمی کی گئی، اطلاق جون تک ہوگا

ادویات کی قیمتیں منجمد، مستحق افراد کی مدد کا پروگرام بھی شروع، ایران جنگ کی وجہ سے عوام فکرمند، کوشش کررہے ہیں اشیاء کی قیمتوں میں کمی لائی جائے، کیئر اسٹارمر

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران پر مسلط جنگ کے سبب دنیا بھر میں بڑھتی مہنگائی کا مقابلہ کرنے کے لیے برطانیہ میں شہریوں کی تنخواہوں میں اضافے، توانائی بلوں میں کمی اور مستحق افراد کی مدد کے پروگرام کا فوری اطلاق کردیا گیا ہے۔ برطانوی حکومت کی جانب سے اعلان کیا گیا ہے کہ نیشنل لیونگ ویج 12.71 پاؤنڈ کی جارہی ہے، اسطرح 24 لاکھ ملازمین کو 900 پاؤنڈ اضافی ملیں گے جبکہ کم سے کم تنخواہ 10.85 کی جارہی ہے اسطرح 2 لاکھ نوجوان ملازمین کو 1500 پاؤنڈ اضافی ملیں گے۔ انرجی بلز میں سالانہ اوسطاً 117 پاؤنڈ کمی کی جارہی ہے، جس کا اطلاق جون تک ہوگا، ادویات کی قیمتوں کو منجمد کردیا گیا ہے۔ وزیراعظم اسٹارمر نے کہا کہ انکی کوشش ہے کہ آمدنی ہر مزکھولی جائے کیونکہ اسی سے چیزوں کی قیمت کم کی جاسکتی ہیں۔ برطانیہ کے وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے توانائی، انشورنس اور شپنگ کمپنیوں کے عہدیداروں سے ملاقات کی جس کے بعد کوبرا میٹنگ منعقد کرکے صورتحال کا جائزہ لیا۔ اسٹارمر حکومت کی جانب سے اعلان کیا گیا ہے کہ نیشنل لیونگ ویج بارہ اعشاریہ سات ایک پاؤنڈ کی جارہی ہے، اسطرح چوبیس لاکھ ملازمین کو نو سو پاؤنڈ اضافی ملیں گے، جبکہ کم سے کم تنخواہ دس اعشاریہ آٹھ پانچ کی جارہی ہے اسطرح دو لاکھ نوجوان ملازمین کو پندرہ سو پاؤنڈ اضافی ملیں گے۔ انرجی بلز میں سالانہ اوسطاً ایک سو سترہ پاؤنڈ کمی کی جارہی ہے، جس کا اطلاق جون تک ہوگا، ادویات کی قیمتوں کو منجمد کردیا گیا ہے۔ وزیراعظم اسٹارمر نے کہا کہ ایران جنگ کی وجہ سے عوام فکرمند ہیں تاہم وہ کوشش کررہے ہیں کہ قیمتوں میں کمی لائی جائے۔

ریاستی حالات پہلے سے بہتر بنادیئے، فیصل راٹھور

مشکل ترین حالات میں عوامی فلاح کے لئے متعدد نئے راستے کھولے، خطاب

موسمیاتی تبدیلی سب سے بڑا چیلنج ہے، اے پی اے اجلاس میں اظہار خیال

مظفرآباد (بیورورپورٹ) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر فیصل ممتاز راٹھور کہا ہے کہ مشکل حالات میں ذمہ داری ملنا اعزاز ہے، حلف اٹھایا تو چارٹر آف ڈیمانڈ سامنے تھا جب حکومت کا عرصہ پورا ہوگا تو چارٹر آف ڈیلیورنس دیکر جائیں گے، ریاست کے حالات ماضی کی نسبت بہت بہتر ہیں، حکومت نے مشکل ترین حالات میں عوامی فلاح کے لیے متعدد نئے راستے کھولے، صحافت ایک مقدس اور باوقار پیشہ ہے، جو معاشرے کی فکری وسماجی رہنمائی میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، آسیہ اندرابی، فہمیدہ صوفی اور ناہیدہ نسرین کی سزاوں کی شدید مذمت کرتا ہوں۔ مثبت، ذمہ دار اور آزاد صحافت ہی ایک مہذب اور باشعور معاشرے کی بنیاد ہوتی ہے۔ میں نے اپنے والد مرحوم سے یہ سبق سیکھا کہ سیاست کا اصل مقصد عام آدمی کی زندگی کو آسان بنانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینٹرل پریس کلب مظفرآباد کے نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ مختصر مدت میں

(باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 2)

ایرانی بحریہ کے سابق سربراہ علی رضا کی میت تہران منتقل

تہران (فارن ڈیسک) ایرانی بحریہ کے شہید ریئر ایڈمرل علی رضا تنگسیری کی میت بندر عباس سے تہران منتقل کردی گئی جہاں انہیں پورے اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا جائے گا۔ پاسداران انقلاب نیوی کے ریئر ایڈمرل علی رضا تنگسیری کی میت کھلے ٹرک میں رکھ کر بندر عباس کے امام خمینی اسکوائر سے جامع مسجد لائی گئی جبکہ راستے میں ہزاروں افراد سڑک کے دونوں طرف موجود تھے۔

سینٹرل پریس کلب مظفرآباد کی نئی کابینہ نے حلف اٹھالیا

مظفرآباد (بیورورپورٹ) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے نومنتخب عہدیداران سینٹرل پریس کلب مظفرآباد سے حلف لیا، حلف برداری کی تقریب ایوان وزیراعظم میں منعقد ہوئی، تقریب میں وزیراعظم آزاد کشمیر نے نومنتخب صدر سہیل مغل، سیکرٹری جنرل شہزاد لولابی، سینئر نائب صدر نصیر انور، نائب صدر شازیب افضل، ایڈیشنل سیکرٹری چوہدری خورشید، جوائنٹ سیکرٹری راجہ اکمل، سیکرٹری مالیات انصر خواجہ، سیکرٹری اطلاعات سید تصدق شاہ سے حلف لیا، تقریب میں سیکرٹری اطلاعات و آئی ٹی محمد راشد حنیف سمیت بڑی تعداد نے شرکت کی۔

اسلام آباد، وفاقی وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

امیر مقام کی زیر صدارت اجلاس، سپورٹ پروگرام پر اطمینان

اجلاس میں ولنیر ایبل گروپس اور میزبان کمیونٹیز کیلئے سپورٹ پروگرام کا جائزہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام کی زیر صدارت ولنیر ایبل گروپس اور میزبان کمیونٹیز کے لیے سپورٹ پروگرام سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ وفاقی سیکرٹری امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران ظفر حسن نے وفاقی وزیر کو اس پروگرام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر نے اب تک ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اجلاس میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ عمل کو مزید تیز کیا جائے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچایا جا سکے۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری کامران الرحمن خان، چیف کمشنر سی اے آر اسمت اللہ شاہ اور دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 7 افراد گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 7 افراد گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 7 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ وارث خان، بنی، صادق آباد، چکلالہ، گوجر خان، کہوٹہ اور کلر سیداں کے علاقوں میں کی گئیں۔

کنڈی سے رہنما امریکی تنظیم سٹینڈ ود پاکستان کی ملاقات

گورنر کے پی کا نیویارک اور پشاور کو سسٹر سٹیز بنانے کا وژن تاریخی قرار

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستانی امریکن تنظیم اسٹینڈ ود پاکستان کے سیکرٹری اور امریکہ میں شعبہ صحت سے وابستہ معروف پاکستانی پروفیشنل سہیل پیرزادہ نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے گورنر ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے کردار اور پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں سیاحت، صحت اور آئی ٹی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، جبکہ صوبے میں ہنر مند افرادی قوت بھی دستیاب ہے۔ انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں پر زور دیا کہ وہ ان مواقعوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ملک کی معیشت میں مؤثر کردار ادا کریں۔ گورنر خیبر پختونخوا نے مزید کہا کہ صوبے میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جارہا ہے تاکہ بیرون ملک مقیم پاکستانی کاروباری افراد اور پروفیشنلز کو راغب کیا جاسکے۔ اس موقع پر سہیل پیرزادہ نے پشاور اور نیویارک کو سسٹر سٹیز قرار دینے کے گورنر خیبر پختونخوا کے وژن کو سراہتے ہوئے اسے ایک تاریخی اقدام قرار دیا۔ رکن قومی اسمبلی نور عالم خان نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے گورنر ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔

فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر قوم کو فخر ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر اور بنوں میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر پوری قوم کو فخر ہے۔ جہاں 13 دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا گیا۔ بدھ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ "ایکس" پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ ہمارے بہادر جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور قربانیوں کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی افواج کو سلام پیش کرتے ہیں جو دن رات وطن عزیز کی حفاظت کے لیے ہر محاذ پر ڈٹی ہوئی ہیں۔

راولپنڈی، ٹریفک اہلکار ون وے کی خلاف ورزی پر موٹر سائیکل سوار کا چالان کررہا ہے

سیکرٹری رقیب خان کا ترقیاتی ادارہ مظفرآباد کا دورہ

ادارے کی مجموعی کارکردگی، دستیاب وسائل، مسائل پر بریفنگ

مظفرآباد (بیورورپورٹ) سیکرٹری فزیکل پلاننگ و ہاؤسنگ اور ترقیاتی ادارہ جات محمد رقیب خان نے ترقیاتی ادارہ مظفرآباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ایڈیشنل سیکرٹری پی پی اینڈ ایچ راجہ خالد سلیم بھی موجود تھے۔ اس موقع پر سیکرٹری فزیکل پلاننگ و ہاؤسنگ کو ادارے کی مجموعی کارکردگی، دستیاب وسائل اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے بعد سیکرٹری فزیکل پلاننگ و ہاؤسنگ محمد رقیب خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی ادارہ مظفرآباد ایک نہایت اہم ادارہ ہے، جس کا کردار شہر کی ترقی اور منصوبہ بندی میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ ادارے کے افسران و ملازمین اپنی ذمہ داریوں کو مزید احسن انداز میں انجام دیں اور ادارے کی بہتری کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔ ادارے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے مؤثر منصوبہ بندی کی جائے تاکہ ادارہ مالی طور پر خودکفیل ہو سکے اور اپنے پاؤں پر کھڑا ہو۔ اس ضمن میں ادارے کی ہاؤسنگ سکیموں اور کمرشل پلازوں میں عوام کو بہترین سہولیات فراہم کریں تاکہ شہریوں کو مناسب نرخوں پر معیاری سہولتیں میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں سے نہ صرف عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے گا بلکہ ادارے کی مالی استعداد میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔

بھارت میں دنیا کی سب سے بڑی مردم شماری شروع

دو مراحل پر مشتمل مردم شماری کیلئے 30 لاکھ سرکاری اہلکار تعینات ہوں گے

نئی دہلی (فارن ڈیسک) بھارت نے دنیا کی سب سے بڑی قومی مردم شماری کا آغاز کردیا ہے، جو ملک بھر میں فلاحی منصوبوں اور سیاسی نمائندگی کی ترتیب کو تبدیل کرسکتی ہے۔ سن دو ہزار گیارہ میں گزشتہ مردم شماری میں بھارت کی آبادی 1.21 ارب ریکارڈ کی گئی تھی۔ اب اندازہ ہے کہ یہ تعداد 1.4 ارب سے زیادہ ہوچکی ہے، جس کے بعد بھارت دنیا کا سب سے زیادہ آبادی والا ملک بن چکا ہے۔ نئی مردم شماری اصل میں 2021 میں ہونے والی تھی، لیکن اس وقت کووڈ کی وبا اور انتظامی مشکلات کے باعث اسے مؤخر کردیا گیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مردم شماری کا پہلا مرحلہ بدھ کے روز شروع ہوا اور ستمبر تک ملک کے مختلف حصوں میں جاری رہے گا۔ عملہ ہر علاقے میں تقریباً ایک ماہ گزارے گا اور گھروں، بنیادی سہولتوں، رہائشی عمارتوں اور لوگوں کے معیار زندگی سے متعلق معلومات جمع کرے گا۔ اس عمل میں روایتی سروے کے ساتھ ایک ڈیجیٹل نظام بھی شامل ہوگا، جس کے تحت شہری ایک کثیر اللسانی اسمارٹ فون ایپلی کیشن کے ذریعے معلومات جمع کراسکیں گے۔

ٹنڈو محمد خان، تشدد سے بزرگ شہری جاں بحق، متعدد افراد زخمی

ٹنڈو محمد خان (ممتاز نیوز) ٹنڈو محمد خان میں پولیس کے مبینہ تشدد سے بزرگ شہری جاں بحق اور خواتین سمیت متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ٹنڈو محمد خان میں پولیس کے مبینہ تشدد سے بزرگ شہری جاں بحق اور خواتین سمیت متعدد افراد زخمی ہوگئے ملاح برادری اور علاقہ مکینوں نے لاش کے ہمراہ ایس ایس پی آفس کے باہر احتجاج کیا، مظاہرین کے مطابق پولیس نے بغیر وارنٹ گھر میں داخل ہوکر چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق ایس ایس پی نے واقعے کا نوٹس لے کر ایس ایچ او بی سیکشن کو معطل کرتے ہوئے شفاف تحقیقات کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دے دی۔

ISLAMABAD ELECTRIC SUPPLY COMPANY

بجلی چوری دینی اور اخلاقی جرم ہے۔ بجلی چوری کی اطلاع 118 پر دیں۔
بجلی کے بل بروقت ادا کریں، ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

INVITATION FOR BIDS (IFB)

(TENDER Notice No.22 IESCO/CIVIL/NCB- 222-223)

IESCO invites sealed bids from the contractor Registered with Pakistan Engineering Council and renewed for the year 2025-26, Single Stage – Single Envelope Bidding procedure as per below mentioned detail, under **National Competitive Bidding (NCB)** basis in accordance with Provisions of PPRA Rules.

EXECUTION OF SMALLER SPECIAL REPAIR WORKS IN IESCO REGION.

T No.	Name of Work	Estimated Cost (Rs)	Comp: Period
222	REPAIR/MAINTENANCE OF OFFICE BUILDING OPERATION DIVISION NO.1 AND CSO (P) NO.1 AT IESCO G-7/4 ISLAMABAD	=4996673.00	60 Days
223	REVAMPING OF THE GROUND FLOOR OF GSC OFFICE BUILDING AT I-10 ISLAMABAD	=4767133.00	60 Days

Bid Submission Date & Time: 21.04.2026 11:00 AM
Bid Opening Date & Time: 21.04.2026 11:30 AM

ELIGIBILITY

This Invitation for Electronic Bid is open to all Bidders meeting the following requirements:

1. Electronic bidding document containing detailed requirements terms and conditions is available on **E-PADS** at www.procure.gov.pk & www.ppra.org.pk and also available at IESCO website.
2. Bid must be accompanied by a Bid Security duly generated from firms / owner own account and should be in the form of pay order/ CDR in favor of **Executive Engineer Civil Division IESCO**. The prospective bidders shall upload scanned copy of Bid Security on **E-PADS** in PDF format and original will have to submit **before closing of bid submission time** otherwise bid will be rejected.
3. The Firm / contractors already working with this office, Performance certificate / completion certificate duly received by xen concerned must be provided by the contractor duly signed by XEN / SDO concerned **must be uploaded on E-PADS** for consideration as responsive bidder.
4. Pakistan Engineering Council Registration renewed for year 2025-26 with at least **Category C-6** having Specialization Code of **CE-10.**
5. Bidder will provide the fresh (maximum 30 Days older) bank balance of firm upto 50% of estimated cost.
6. Firm / Company successfully completed similar nature of work in any Govt / Semi Govt. organization / Autonomous body successfully handed over to concern Department (Work order & Completion Certificate must attach).
7. Firm / Company must attach active registration certificate issued by the PRA and FBR with their Bids.
8. In case of total bid amount is less than **10% below the N.I.T amount the bidder shall submit additional call deposit as performance security equal to the difference between N.I.T amount and total quoted amount less 10%** of N.I.T amount the additional performance guarantee shall be submitted along with bid. Bids having rates below 10% of N.I.T without additional call deposit will be rejected.
9. All entries in bidding documents must be filed which are mandatory to participate in the tender as per PPRA rules.

Terms & Conditions:

a. Presentation of false / wrong documents will be strictly discouraged and their CDR shall be forfeited besides blacklisting.
b. Deposit Earnest Money @ 4% of Estimated Cost in the form of CDR in favor of Executive Engineer Civil Division IESCO Islamabad.
c. The successful bidder shall produce 10% of contract price in shape of pay order / Bank guarantee/CDR performance security before signing the contract agreement in favor of Executive Engineer Civil Division IESCO Islamabad.
d. IESCO reserves all the rights to accept or reject any / all tender under PPRA rule 33 (1).
e. In case of public holiday tender will be opened on next working day.
f. All the PPRA rules regarding Electronic Bid are applicable on all tenders whether mentioned above or not.

PID(I)7984/25
EXECUTIVE ENGINEER
CIVIL DIVISION IESCO

PSL: لاہور قلندرز کی فخر زمان کی پابندی کیخلاف اپیل

میچ ریفری روشن ماہنامہ کی جانب سے دو میچز کی پابندی کے خلاف پی ایس ایل ٹیکنیکل کمیٹی میں اپیل دائر کی گئی

ٹیکنیکل کمیٹی میچ ریفری کے فیصلے اور اپیل کو سامنے رکھ کر اپنا فیصلہ سنائے گی، فخر زمان پر بال ٹیمپرنگ کا الزام ہے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز لاہور قلندرز کے کھلاڑی فخر زمان نے پابندی کیخلاف اپیل دائر کردی۔ ذرائع کے مطابق فخر زمان میچ ریفری روشن ماہنامہ کی جانب سے دو میچز کی پابندی لگائے جانے کے خلاف پی ایس ایل ٹیکنیکل کمیٹی میں اپیل دائر کی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ایس ایل کی تین رکنی ٹیکنیکل کمیٹی فخر زمان کی اپیل پر سماعت کرے گی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سپر لیگ کی فرنچائز لاہور قلندرز کے کھلاڑی فخر زمان نے پابندی کیخلاف اپیل دائر کردی۔ ذرائع کے مطابق فخر زمان میچ ریفری روشن ماہنامہ کی جانب سے دو میچز کی پابندی لگائے جانے کے خلاف پی ایس ایل ٹیکنیکل کمیٹی میں اپیل دائر کی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی ایس ایل کی تین رکنی ٹیکنیکل کمیٹی فخر زمان کی اپیل پر سماعت کرے گی۔ کمیٹی میچ ریفری روشن ماہنامہ کے فیصلے کا جائزہ لے گی۔ ٹیکنیکل کمیٹی میچ ریفری کے فیصلے اور فخر زمان کی اپیل کو سامنے رکھ کر اپنا فیصلہ سنائے گی۔ واضح رہے کہ لاہور قلندرز اور کراچی کنگز کے میچ میں فخر زمان پر بال ٹیمپرنگ کا الزام لگا تھا۔ اوپنر نے دو بار کی سماعت میں الزامات ماننے سے انکار کردیا تھا۔ میچ ریفری روشن ماہنامہ نے فخر زمان پر دو میچوں کی پابندی لگائی تھی۔

لاہور، سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام انڈر 18 یوتھ چیمپئن شپ کے لئے ہاکی کے ٹرائلز ہورہے ہیں

کرکٹ آسٹریلیا نے سینٹرل کنٹریکٹس میں کھلاڑیوں کی تعداد کم کردی

سڈنی (سپورٹس ڈیسک) کرکٹ آسٹریلیا نے کھلاڑیوں کے سینٹرل کنٹریکٹس کا اعلان کردیا جس کے مطابق کرکٹ آسٹریلیا نے 2026-27 کے لیے سینٹرل کنٹریکٹس میں کھلاڑیوں کی تعداد کم کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سینٹرل کنٹریکٹس 23 کی بجائے 21 کھلاڑیوں کو دیے گئے ہیں، کنٹریکٹس میں کچھ بڑے نام بھی ڈراپ کردیے گئے۔ آسٹریلین کرکٹرز ایسوسی ایشن کے ساتھ ہونے والے معاہدے کے مطابق آغاز میں 20 سے 24 کرکٹرز کنٹریکٹ کے اہل ہوں گے۔ سینٹرل کنٹریکٹس حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ایڈم زیمپا، مارنس لبوشین، کیمرون گرین اور پیٹ کمنز شامل ہیں۔ اسٹیو اسمتھ، نیتھن لیون، مچل اسٹارک، جوش ہیزل ووڈ اور جیک ویدر الڈ کو بھی سینٹرل کنٹریکٹ دیا گیا ہے۔ سینٹرل کنٹریکٹس حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں گلین میکسویل، جھے رچرڈسن، میتھیو شارٹ، عثمان خواجہ اور سیم کونسٹاس کو شامل نہیں کیا گیا۔

ایرانی ٹیم گروپ میچز شیڈول کے مطابق امریکہ میں کھیلے گی، فیفا صدر

انقرہ (سپورٹس ڈیسک) فیفا صدر جیانی انفینٹینو نے کہا ہے کہ ایران فٹبال ٹیم اپنے گروپ میچز شیڈول کے مطابق امریکا میں کھیلے گی۔ ترکیہ میں ایران اور کوسٹاریکا کے درمیان ہونے والے فرینڈلی میچ کے وقفے کے دوران فیفا صدر نے کہا کہ ایران فٹبال ٹیم اپنے گروپ میچز شیڈول کے مطابق امریکا میں کھیلے گی، ایران کی ٹیم 15 جون کو لاس اینجلس سے مہم کا آغاز کرے گی۔ فیفا صدر نے کہا کہ انہیں خوشی ہے ایران ورلڈکپ کا حصہ ہے کیونکہ یہ بہت اچھی ٹیم ہے۔ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران فٹبال ٹیم کی ورلڈکپ میں شرکت حوالے سے کہا تھا کہ ان حالات میں ایران کا امریکا میں ورلڈکپ کھیلنا مناسب نہیں ہوگا۔ ایران کے اسپورٹس منسٹر نے بھی گزشتہ ہفتے ان کے مخالف سوچ رکھنے والے ممالک کے سفر سے منع کیا تھا۔

پیٹر سڈل نے پی ایس ایل کو آسٹریلوی طرز کی لیگ قرار دے دیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ملتان سلطانز کے فاسٹ بولر پیٹر سڈل نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کو آسٹریلیا کی طرز کی لیگ قرار دیدیا۔ تفصیلات کے مطابق ملتان سلطانز کے فاسٹ بولر پیٹر سڈل نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کو آسٹریلیا کی طرز کی لیگ قرار دیدیا میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے آسٹریلوی کرکٹر نے کہا کہ پی ایس ایل میں زیادہ فرق نہیں دیکھا آسٹریلیا کی طرح ایک لیگ ہے۔ پیٹر سڈل نے کہا کہ ہاؤس آنے سے لطف اندوز ہورہا ہوں، دو وینیوز پر میچز ہیں اس لیے کنڈیشنز ایک جیسی رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کھلاڑی پی ایس ایل میں اچھا کررہے ہیں اور انہیں پاکستان کی طرف سے بھی موقع ملے گا۔ ملتان سلطانز کے فاسٹ بولر نے کہا کہ مجھے فاسٹ بولنگ اچھی لگتی ہے، میں بہترین پلیئرز کے ساتھ کھیلنا چاہتا ہوں اسی لیے میں اب تک کھیل رہا ہوں۔

لاہور، ملتان سلطانز اور حیدرآباد کنگز مین کے درمیان ہونیوالے پی ایس ایل میچ کا منظر

شاہین، حارث، مستفیض کیساتھ باؤلنگ اعزاز، عبید

ٹیم مینجمنٹ، کپتان اور کھلاڑیوں کی بھرپور حمایت حاصل ہے، باؤلر قلندرز

لاہور (سپورٹس رپورٹر) لاہور قلندرز کے نوجوان فاسٹ بولر عبید شاہ نے کہا ہے کہ شاہین شاہ آفریدی، حارث روف اور مستفیض الرحمٰن جیسے تجربہ کار بولرز کے ساتھ کھیلنا میرے لیے بڑے اعزاز کی بات ہے، یہاں سے تجربہ حاصل کرکے اپنے کھیل کو مزید بہتر بنانا چاہتا ہوں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے قومی فاسٹ بولر نسیم شاہ کے چھوٹے بھائی عبید شاہ نے کہا کہ اسلام آباد یونائیٹڈ اور ملتان سلطانز کے بعد لاہور قلندرز کی جانب سے موقع ملنا میرے لیے خوش آئند ہے جہاں ٹیم مینجمنٹ اور کھلاڑیوں خصوصاً عاقب جاوید، شاہین رانا اور کپتان شاہین آفریدی کی بھرپور حمایت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہین آفریدی، حارث روف اور مستفیض الرحمٰن کی موجودگی میں لاہور قلندرز کی بولنگ لائن اپ پی ایس ایل کی بہترین بولنگ اٹیک بن چکی ہے۔ عبید شاہ نے بتایا کہ کپتان شاہین آفریدی مجھ پر اعتماد کرتے ہیں اور اکثر مجھ سے بولنگ کا آغاز کرواتے ہیں جو میرے لیے فخر کا باعث ہے۔ نوجوان فاسٹ بولر نے کہا کہ ہر ٹورنامنٹ میں میری کوشش ٹیم کے لیے بہترین کارکردگی دکھانا اور خود کو بہترین بولر ثابت کرنا ہوتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ میں کسی ایک بولر کی نقل نہیں کرتا بلکہ جو بھی اچھی بولنگ کرتا ہے اس سے سیکھنے کی کوشش کرتا ہوں۔

توجہ بہتر باؤلنگ پر، 10 منٹ کی بیٹنگ کافی ہے، ابرار

بیٹرز دفاعی انداز اختیار کریں تو کوشش ہوتی ہے شاٹس نہ لگانے دوں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اسپنر ابرار احمد نے کہا ہے کہ اس وقت میری بنیادی توجہ اپنی بولنگ کو مزید بہتر بنانے پر ہے، بیٹنگ کے لیے روزانہ مختصر وقت دینا ہی میرے لیے کافی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ابرار احمد نے کہا کہ ساتھی بولر عثمان طارق کے ساتھ مل کر پلان کے مطابق بولنگ کرنے کی کوشش کرتا ہوں کیونکہ مسلسل مؤثر اوورز بیٹرز کے لیے مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر بیٹرز دفاعی انداز اختیار کریں تو میری کوشش ہوتی ہے کہ انہیں شاٹس کھیلنے کا موقع نہ دیا جائے، رنز روکے جائیں اور وکٹیں حاصل کی جائیں۔ ابرار احمد نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم کو متوازن قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس بار ٹیم کی اسپن، فاسٹ بولنگ اور بیٹنگ مضبوط ہے اور میں فائنل کھیلنے کے ساتھ ٹائٹل جیتنے کے لیے پُرامید ہوں۔ انہوں نے کہا کہ نئی ٹیموں کی شمولیت سے مقابلہ مزید سخت ہوا ہے، نئے باصلاحیت کھلاڑی سامنے آئے ہیں، نئی ٹیمیں بھی جلد دیگر ٹیموں کی طرح بہتر کارکردگی دکھائیں گی۔ صرف 2 وینیوز پر میچز کے انعقاد سے متعلق سوال پر ابرار احمد کا کہنا ہے کہ زیادہ استعمال ہونے والی وکٹیں بولرز، خاص طور پر اسپنرز کے لیے مددگار ثابت ہوتی ہیں اور ٹیموں نے اسی حساب سے اپنی حکمت عملی تیار کی ہوگی۔ سیلیبریشن کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ میں کسی نئے انداز کے بجائے اپنا پرانا سیلیبریشن اسٹائل ہی پسند کرتا ہوں۔

اٹلی مسلسل تیسری مرتبہ فیفا ورلڈکپ میں رسائی سے محروم

زینیکا (سپورٹس ڈیسک) چار مرتبہ کا عالمی چیمپئن اٹلی ایک بار پھر فیفا ورلڈکپ تک رسائی حاصل کرنے میں ناکام ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق زینیکا میں کھیلے گئے پلے آف فائنل میں اٹلی کو بوسنیا و ہرزیگووینا نے پنالٹی شوٹ آؤٹ پر شکست دے دی۔ اس ناکامی کے ساتھ اٹلی تاریخ کی پہلی سابق چیمپئن ٹیم بن گئی ہے جو مسلسل تین ورلڈکپ ٹورنامنٹس میں شرکت نہ کرسکی۔ میچ کے آغاز میں مو سے کین نے اٹلی کو برتری دلائی، مگر پہلے ہاف کے اختتام سے قبل دفاعی کھلاڑی الیساندرو باستونی کو ریڈ کارڈ دکھادیا گیا۔

ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا ویمنز میں تیسرا ون ڈے آج ہوگا

آسٹریلوی ٹیم کو ویسٹ انڈیز پر سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری

جمیکا (سپورٹس ڈیسک) ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا کی ویمنز کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا ون ڈے میچ 2 اپریل کو باسٹیرے، سینٹ کٹس، وارنر پارک میں کھیلا جائے گا۔ مہمان آسٹریلوی ٹیم کو میزبان ویسٹ انڈیز ویمن کے خلاف سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ آسٹریلوی ویمن ٹیم نے پہلے ون ڈے میچ میں ویسٹ انڈیز ویمن کو 103 رنز سے جبکہ دوسرے ون ڈے میچ میں 90 رنز سے شکست دی تھی۔ اس سے قبل دونوں ٹیموں کے درمیان کھیلی گئی تین ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز میں بھی آسٹریلوی ویمن ٹیم نے میزبان ویسٹ انڈیز ویمن ٹیم کو کلین سویپ شکست دی تھی۔ آسٹریلوی ویمن ٹیم کو سوفی مولینکس لیڈ کر رہی ہیں جبکہ ویسٹ انڈیز کی ویمنز ٹیم ہیلی میتھیوز کی قیادت میں میدان میں اترے گی دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز کا تیسرا اور آخری ون ڈے میچ 2 اپریل کو باسٹیرے، سینٹ کٹس، وارنر پارک میں کھیلا جائے گا۔

کسی سے ملنا ہو تو 24 گھنٹے قبل بتائیں، پی سی بی کی فرنچائزز کو وارننگ

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پی ایس ایل فرنچائزز کو کھلاڑیوں کی اہلخانہ اور دوستوں سے ملاقات کے حوالے سے نئی ہدایات جاری کردیں۔ تفصیلات کے مطابق چند روز قبل لاہور قلندرز کے شاہین شاہ آفریدی اور سکندر رضا کی جانب سے بغیر اجازت کچھ افراد کو ہوٹل روم میں لے جانے کی رپورٹس سامنے آئی تھیں، پولیس نے دونوں پر سکیورٹی ضوابط کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا تھا۔

ایشیا کرکٹ کپ طرز پر یورپی ٹورنامنٹ کی تجویز رد

انگلینڈ کرکٹ بورڈ نے ٹورنامنٹ کے آئیڈیا کو لفٹ ہی نہیں کروائی

لندن (سپورٹس ڈیسک) ایشیا کپ طرز کے یورپی ممالک کی ٹیموں کے ٹورنامنٹ کو دھچکا لگ گیا، انگلینڈ کرکٹ بورڈ نے ٹورنامنٹ کے آئیڈیے کو لفٹ نہیں کروائی۔ آئرلینڈ نے یورپی ممالک کے ٹیموں پر مشتمل ایک ٹورنامنٹ شروع کروانے کی تجویز پیش کی تھی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق آئرلینڈ کرکٹ کے چیئرمین برائن میک نیس نے 2027ء سے یورو نیشنز کپ نامی ٹورنامنٹ کے آغاز کی تجویز دی تھی۔ ای سی بی چیف رچرڈ گولڈ نے آئیڈیا کو عملی جامہ پہنانے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک بہترین آئیڈیا ہے، ہمارا شیڈول بہت مصروف ہے اور ہم اس میں مزید اضافہ نہیں کرسکتے۔ رچرڈ گولڈ نے کہا کہ ای سی بی ٹورنامنٹ کے آئیڈیا پر بات چیت کے لیے تیار ہے، ای سی بی کا ماننا ہے کہ براڈ کاسٹ کی دلچسپی کی تصدیق کے بغیر ٹورنامنٹ ممکن نہیں۔

اوکاڑہ، سپیڈو ے گریڈ ٹو کرکٹ کلب کے ٹرائلز کے آغاز پر میڈیا کو بریفنگ دی جارہی ہے

روزنامہ ممتاز

بقیہ جات

بقیہ 1 — دانیال چوہدری

اسکولوں میں دیواروں، کمروں اور بیت الخلاء کی تعمیرو مرمت کا کام جاری ہے۔ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم کے فروغ کے لیے 33 میٹرک ٹیک اسکول قائم کیے گئے، 29 کمپیوٹر لیبارٹریاں بنائی گئیں جبکہ 434 ہائی اسکولوں اور 10 ہائیر سیکنڈری اسکولوں میں لیبارٹریز کو اپ گریڈ کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ لڑکیوں کی عملی مہارتوں کے فروغ کے لیے چار گرلز اسکولوں میں میک اپ اور ڈریس میکنگ کی کلاسز شروع کی گئی ہیں۔ اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے انگریزی اساتذہ کے تربیتی پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے جبکہ راولپنڈی ڈویژن نے صوبائی سطح کے اسٹیم (STEAM) مقابلوں میں نمایاں کامیابی حاصل کرکے عملی تعلیم کی افادیت کو ثابت کیا ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری نے مزید بتایا کہ شمولیتی تعلیم کے فروغ کے لیے ٹرانس جینڈر طلبہ کے لیے دو ضلعی اسکول قائم کیے گئے ہیں جہاں 100 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔

بقیہ 2 — وزیراعظم آزاد کشمیر

حکومت نے روایتی سیاست سے ہٹ کر عملی اور دیرپا اقدامات کیے جن کے نتائج مستقبل قریب میں سامنے آئیں گے۔ ادھر وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور کی زیر صدارت انوائرمنٹ پروٹیکشن ایجنسی (EPA) کا اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی (کلائمیٹ چینج) موجودہ دور کا سب سے بڑا چیلنج ہے، جس سے نمٹنے کے لیے بروقت اور موثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماحول دوست پالیسیوں کو ترجیح دی جائے، ماحول دوست اقدامات مستقبل کی نسلوں کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہیں۔ انوائرمنٹ پروٹیکشن ایجنسی اپنی کارکردگی کو مزید فعال اور ثمرات کی حامل بنائے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے خاص طور پر پلاسٹک (پولی تھین) شاپنگ بیگز پر پابندی کے فریم ورک کو جلد از جلد حتمی شکل دینے اور اس پر عملدرآمد کے لیے جامع عوامی آگاہی مہم شروع کرنے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ 3 — سہ ملکی اجلاس

۔اجلاس میں سکیورٹی، سرحدی معاملات اور اقتصادی روابط سمیت اہم امور زیر غور آئے جبکہ شرکا نے خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ سہ فریقی ملاقات خطے میں استحکام اور تعاون کے فروغ کے لیے ایک مثبت پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور افغانستان کے مذاکرات میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ افغان طالبان نے اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دینے کی تحریری یقین دہانی پر آمادگی ظاہر کردی۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات ایک اہم مفاہمت کے ساتھ اختتام پذیر ہوئے جس کے تحت چین ایک غیر جانبدار تیسرے فریق کے طور پر سکیورٹی خدشات پر پیش رفت کا جائزہ لینے اور ...

DAILY MUMTAZ
روزنامہ
ممتاز
جمعرات، 02 اپریل، 2026، 13 شوال المکرم، 1447ھ

اگر تم کو علم نہیں تو اہل ذکر سے دریافت کرلو (القرآن)

ایڈیٹوریل

فون نمبر: 051-8437994-3
ای میل: editorialmumtaz@gmail.com

مشرق وسطیٰ میں بڑھتے ہوئے تنازع کے تناظر میں اور امریکہ ایران جنگ کے خاتمے کیلئے پاکستان کی کاوشیں عروج پر ہیں اور اس ضمن میں اہم ممالک کی لیڈرشپ سے روابط اور امن و استحکام کیلئے کردار ادا کرنے پر زور دیا جارہا ہے۔ حالیہ ہفتے میں اسلام آباد میں منعقدہ مشاورتی نشست کو نہایت اہم قرار دیا جارہا ہے جس میں پاکستان کے ساتھ سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ نے شرکت کی۔ اجلاس کے اعلامیہ کے مطابق چاروں ممالک کے وزرائے خارجہ نے اس پر اتفاق کیا کہ کشیدگی کے خاتمے، تصادم کے خطرات کو محدود کرنے اور بامعنی مذاکرات کیلئے سازگار ماحول پیدا ہونا چاہیے۔ یہی وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس عمل کو آگے بڑھانے کیلئے اقوام متحدہ کے منشور کے مطابق خودمختاری اور علاقائی استحکام کو یقینی بنایا جانا چاہیے۔ مذکورہ نشست کو باہمی دلچسپی کے کثیر جہتی شعبوں میں ان ممالک کے ساتھ پاکستان کے تعاون اور ہم آہنگی کو مستحکم کرنے کا ایک موقع بھی قرار دیا جارہا ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ کے بعد پاکستان ایک کلیدی ثالث کے طور پر ابھرا ہے اور اسلام آباد متحارب فریقین کے مابین پیغامات کے تبادلے اور رابطے کا ذریعہ بن کر سامنے آیا ہے۔ متحارب ممالک کے ساتھ روابط کا یہ سلسلہ اس بات کا ثبوت ہے کہ اسلام آباد نہ صرف علاقائی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی کشیدگی کے خاتمے کیلئے سرگرم ہے۔ پاکستان کا یہ کردار ماضی کی پالیسیوں کا تسلسل ہے جہاں اس نے ہمیشہ مسلم دنیا میں اتحاد اور تنازعات کے پرامن حل کیلئے کوششیں کی ہیں۔ امریکہ اور ایران کے مابین ثالثی کی کوششیں پاکستان کی منفرد سفارتی حیثیت کو اجاگر کرتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ عالمی میڈیا کی نظریں اسلام آباد کی طرف لگی ہیں اور پاکستان کے اس کردار کو دنیا بھر میں سراہا جارہا ہے۔

جہاں تک عالم اسلام کے چار اہم ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس اور اس کی نتیجہ خیزی کا سوال ہے تو ان کے درمیان مشرق وسطیٰ میں کشیدگی پر تفصیلی بات چیت ہوئی جس میں طے پایا کہ خطے میں جاری تنازعات کو ڈائیلاگ کے ذریعہ حل کرنے کیلئے سب اپنا اپنا کردار ادا کریں گے اور کشیدگی کے اس عمل کا مستقل بنیادوں پر سدباب کیا جائے گا۔ مذکورہ اجلاس میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے شرکا کو دی جانے والی تفصیلی بریفنگ میں پاکستان کی جانب سے کیے جانے والے رابطوں پر مذکورہ ممالک کو اعتماد میں لیتے ہوئے کہا کہ اس حوالے سے ہمیں حوصلہ افزا نتائج مل رہے ہیں اور پاکستان کشیدگی کے خاتمے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ تینوں ممالک کے وزرائے خارجہ نے اسلام آباد کے اس مثبت کردار کی تعریف کی اور امید ظاہر کی کہ ڈائیلاگ کا یہ عمل امن و امان کی بحالی اور علاقائی استحکام میں بنیادی کردار ادا کرے گا۔ وزیر خارجہ نے بتایا کہ پاکستان اس ضمن میں امریکی لیڈرشپ

اسلام آباد میں چار فریقی اہم بیٹھک

سے بھی رابطوں میں ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ امریکہ کشیدگی کے خاتمہ کیلئے کردار ادا کرنے کو تیار ہے اور پاکستان کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ

جائزہ

سلمان غنی

امریکہ اور ایران کی لیڈرشپ نے کشیدگی کے خاتمہ کیلئے پاکستان پر اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ ہم آنے والے دنوں میں بامقصد مذاکرات کی میزبانی کی تیاری کر رہے ہیں۔ مذکورہ اجلاس میں چین سے روابط اور اس کے مثبت کردار سے متعلق بھی شرکا کو بریف کیا گیا اور بتایا گیا کہ چین بھی یہ چاہتا ہے کہ معاملات کو تناؤ اور ٹکراؤ سے نکال کر افہام و تفہیم کی طرف لایا جائے اور بات چیت ہی خطہ میں امن و استحکام کا باعث بنے گی۔ وزرائے خارجہ کی اس نشست سے قبل وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مذکورہ ممالک کے وزرائے خارجہ سے الگ الگ ملاقاتیں کیں اور ان کو موجودہ تناؤ میں ایران کے کردار کے حوالے سے اعتماد میں لیا۔ وزرائے خارجہ کو بریف کیا گیا کہ اس تناؤ میں ایران بھی پرامن حل کا حامی ہے لیکن وہ یہ چاہتا ہے کہ مسئلے کا حل مستقل بنیادوں پر ہو اور جارحیت کے عمل کو رکنا چاہیے۔ سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کی وزیراعظم شہباز شریف سے بھی ملاقات ہوئی جس میں وزیراعظم نے دوست ممالک کے وزرائے خارجہ کو امن و استحکام کیلئے پاکستان کے کردار سے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ جنگی صورتحال مسائل کے حل کے بجائے ان کے پھیلاؤ کا باعث بنتی ہے جو کسی کے بھی مفاد میں نہیں۔ انہوں نے مسلم اُمہ کے اتحاد پر زور دیتے ہوئے سعودی عرب سے اپنے جذباتی تعلقات کا حوالہ دیا اور کہا کہ پاکستان ہمیشہ سعودی عرب کیساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہوگا اور امن کیلئے تمام ممکنہ کوششیں جاری رکھے گا۔

چار فریقی وزرائے خارجہ نشست کو خطے میں تناؤ کے خاتمے کیلئے ایک سنجیدہ نشست قرار دیا جاسکتا ہے۔ ماہرین اس نشست کو سفارتی محاذ پر ایک اہم پیشرفت قرار دے رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بلاشبہ مذکورہ اجلاس خلیجی بحران کو فوری ختم نہیں کر پائے گا لیکن اس کے مثبت اثرات ضرور سامنے آئیں گے۔ پاکستان جو امن و استحکام کیلئے سرگرم ہے اس کی کوششیں اس لیے کامیابی سے جاری ہیں کہ پاکستان اس سارے عمل میں فریق بننے کے بجائے ایک غیر جانبدارانہ کردار ادا کر رہا ہے اور بطور ثالث اس کی اہمیت بنی ہے۔ اس کا بڑا ثبوت اس کی فریقین تک رسائی ہے۔ جہاں تک اس امر کا سوال ہے کہ کیا خلیج میں جاری بحران ختم ہوسکتا ہے اور جنگ بندی

عمل میں آسکتی ہے تو اس حوالے سے حتمی بات اس مرحلہ پر نہیں کی جاسکتی لیکن یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ بڑے پیمانے پر ہونیوالی سفارتی سرگرمیاں اور پاکستان کی جانب سے ادا کیے جانیوالے مصالحانہ کردار کے مثبت اثرات ضرور سامنے آئیں گے کیونکہ جنگ کے نتیجے میں ہونے والی تباہی اور معاشی بحران کے اثرات ہر سطح پر محسوس کیے جارہے ہیں۔ عام تاثر یہی ہے کہ جنگ جلد ختم نہ ہوئی تو کوئی بھی ملک اس تنازع کے اثرات سے نہیں بچ پائے گا۔

یہ بھی کہا جارہا ہے کہ اگر امریکہ اور ایران براہ راست مذاکراتی عمل کا حصہ نہیں بنتے تو جنگ بندی کے حوالے سے فیصلہ کن پیشرفت ممکن نہیں۔ یہ بات کسی حد تک درست ہے۔ اگر علاقائی صورتحال پر نظر دوڑائی جائے تو اس میں کوئی شبہ نہیں کہ سعودی عرب ایران کے اثر و رسوخ کو محدود کرنا چاہتا ہے۔ ترکیہ ایک متوازن پوزیشن رکھتا ہے جبکہ مصر عرب ممالک کا حصہ بن کر کھڑا ہے۔ اس ساری صورتحال میں پاکستان کا کردار اس لیے زیادہ اہم ہے کہ وہ عالم اسلام میں اتحاد و یکجہتی کیلئے سرگرم ہے اور یہ اعزاز پاکستان ہی کا ہے کہ ایران پر امریکی جارحیت کے بعد وہ پہلا ملک تھا جس نے اس امریکی اور اسرائیلی حملے کی نہ صرف مذمت کی بلکہ مسئلہ کے حل کیلئے مذاکرات کے آپشن کو بروئے کار لانے پر زور دیا۔ یہی وجہ ہے کہ ایرانی لیڈرشپ نہ صرف پاکستان کی بلکہ پاکستانی لیڈرشپ کی بھی شکرگزار نظر آتی ہے اور پاکستان کے کردار پر اعتماد کا اظہار بھی کر رہی ہے۔

اسلام آباد میں منعقدہ وزرائے خارجہ کی نشست سے جنگ بندی اور کشیدگی کے خاتمے کیلئے مشترکہ پیغام سامنے آیا ہے۔ اس سے ڈائیلاگ کے عمل کو فروغ ملے گا اور ڈپلومیسی فروغ پائے گی۔ پاکستان کے حوالے سے مذکورہ نشست اس لیے بھی اہم ہے کہ پاکستان کا کردار Bridge State کے طور پر سامنے آیا ہے اور اس کی تگ و دو سے یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ اگر ایک طرف جنگی صورتحال طاری ہے تو دوسری طرف کشیدگی کے خاتمے کیلئے سرگرمیاں بھی نظر آرہی ہیں۔ اس ضمن میں اصل پیشرفت کب ہوگی؟ جب بڑی طاقتیں نرم پڑیں گی! پاکستان کی کامیابی اس محاذ پر اس لیے ممکن ہے کہ پاکستان کے سعودی عرب سے تاریخی و مذہبی تعلقات ہیں جبکہ ایران کیساتھ ہمسائیگی کا مستقل تعلق ہے۔ پاکستان کی جانب سے اختیار کیے جانیوالے متوازن بیانیے نے پاکستان کیلئے اعتماد کا پل بننے کی راہ ہموار کی ہے اور اب تک کی سفارتی حکمت عملی اس لیے کامیاب ہے کہ پاکستان کھل کر نہیں بلکہ خاموشی سے اپنا کردار ادا کر رہا ہے اور اسے ایک غیر توسیع پسند ملک سمجھا جاتا ہے اور یہی کردار پاکستان کا اصل سرمایہ ہے۔ (بشکریہ، روزنامہ دنیا)

کلامِ اقبال

یقین محکم، عمل پیہم

ہم تو رخصت ہوئے اوروں نے سنبھالی دنیا
پھر نہ کہنا ہوئی توحید سے خالی دنیا
ہم تو جیتے ہیں کہ دنیا میں ترا نام رہے
کہیں ممکن ہے کہ ساقی نہ رہے جام رہے

فرمانِ قائد

ایمان، اتحاد، تنظیم

تعمیر پاکستان کی مشکلات کو دیکھ کر نہ گھبرائیں۔ تازہ وارد اقوام کی تاریخ میں ایسی مثالیں ہیں کہ ایسی قوموں نے محض قوتِ ارادی، توانائی، عمل اور عظمتِ کردار سے کام لے کر خود کو بلند کیا۔

ایمانیات

حصولِ علم

حضرت معاویہؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسولؐ نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کے ساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ خیر کا ارادہ فرماتے ہیں اُسے دین کی سمجھ عطا فرماتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ میں محض تقسیم کرنے والا ہوں عطا کرنے والا تو اللہ ہی ہے۔ (متفق علیہ) (بحوالہ مشکوٰۃ: ۳۲/۱)

فائدہ: خیر ایک ایسا جامع لفظ ہے جس میں ہر طرح کی بھلائی اور اچھائی شامل ہے۔ نیز لفظ خیر پر تنوین تفخیم (یعنی کثرت) کے لیے ہے۔

حدیث پاک کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جب کسی کو دنیا اور آخرت دونوں جہاں کی بھلائیاں عطا کرنا چاہتے ہیں تو اُسے حصولِ علم دین کی راہ پر ڈال دیتے ہیں اور پھر اپنے فضل سے اُسے علم میں رسوخ و گہرائی عطا فرماتے ہیں۔ طالبِ علم اگر اس ارادۂ الٰہی کو سمجھ لے تو حصولِ علم کے لیے ہر طرح کی قربانی دینا اُس کے لیے آسان ہوجائے گا کہ ایک بہت بڑا خیر اُس کا مقدر بننے والا ہے۔

اِنّما اَنَا قاسمٌ واللہ یُعطی کا مفہوم یہ ہے کہ علمِ دین کی تقسیم تو رسول اللہؐ کے ذریعہ ہوئی، لیکن یہ ہے عطیۂ ربانی۔ آپؐ نے اپنے صحابہؓ کے درمیان اِس علم کو تقسیم فرمایا اور صحابہؓ سے نسل در نسل یہ دولت منتقل ہوتی رہی۔ لیکن اِس علم کا فہم، اِس میں تفقہ، گہرائی و گیرائی اور اس پر عمل کی توفیق اللہ تبارک وتعالیٰ ہی کی طرف سے عطا کی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ علم کی دولت تو تمام صحابہ کے حصہ میں آئی، لیکن فہم و فراست اور تفقہ و رسوخ کے اعتبار سے ان کے درمیان تفاوت ہے۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسولؐ نے ارشاد فرمایا کہ علمِ دین حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے اور نااہلوں اور ناقدروں کو علم سکھانا ایسا ہے جیسے سؤروں کو ہیرے موتی اور سونے کا ہار پہنانا۔ (رواہ ابن ماجہ) (بحوالہ مشکوٰۃ: ۳۴/۱)

آبنائے ہرمز جلد کھلنے کا کیونکر دعویٰ کروں

برملا

نصرت جاوید

امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر مسلط کردہ جنگ کی بدولت بہت تیزی اور شدت سے دریافت کر رہا ہوں تو فقط اتنا کہ عمر کی چار سے زیادہ دہائیاں جن صحافیوں اور عالمی امور کے ماہر گردانے لکھاریوں کو نہایت توجہ سے پڑھنے میں ضائع کی ہیں مشکل کی اس گھڑی میں میری رہنمائی کے قابل نہیں۔ اونچی دکان پھیکا پکوان کی حقیقت دریافت کرتے ہوئے مزید مایوسی یہ سوچتے ہوئے بھی محسوس ہو رہی ہے کہ عمر کے جس حصے میں داخل ہوگیا ہوں وہاں نئے رہنماؤں کی تلاش ممکن نہیں رہی۔ غالب کی طرح ہورہے گا کچھ نہ

کہ قابل رشک جاسوسی کے نظام اور آلات کے حامل اسرائیل اور امریکہ برسوں تک پھیلی نگرانی کے باوجود وہ حقائق دریافت کیوں نہیں کر پائے جو دو ٹکے کا ید پورٹر تہران اور اصفہان کے بازاروں میں پیدل گھومتے پھرتے عام افراد سے گفتگو کی بدولت جان گیا تھا۔ بہرحال "رجیم چینج" کا ہدف علی خامنہ ای کی شہادت کے باوجود حاصل نہ ہوسکا تو ایران کے ایٹمی میزائل پروگرام کو نیست و نابود کرنے کی ٹھان لی گئی۔ کئی ہفتوں کی بلاتوقف فضائی بمباری کے باوجود وہ اہداف بھی حاصل نہیں ہوئے۔ ایران بلکہ ہمسایہ ممالک کے علاوہ اسرائیل کے دور دراز مقامات کو بھی میزائلوں کی مدد سے نشانہ بنانا شروع ہوگیا۔ اس کا میزائل پروگرام بھی اب قابو میں آتا نظر نہیں آرہا۔ ایران پر مسلط کی جنگ کی وجہ سے لیکن آبنائے ہرمز سے پاکستان، بھارت، سری لنکا اور بنگلہ دیش کے علاوہ مشرقی ایشیائی کے تھائی لینڈ اور فلپائن جیسے غریب ملکوں کیلئے پٹرول کا ایک لیٹر خریدنا

سفارتی افق پر جگمگاتا پاکستان

مہمان کالم

ڈاکٹر فرقان حمید

مشرق وسطیٰ ایک ایسا خطہ ہے جس کی تاریخ طاقت، تصادم اور تسلط کی کہانیوں سے بھری ہوئی ہے، لیکن اس کیساتھ ساتھ یہ خطہ ہمیشہ امن کی تلاش

ایسا فیصلہ تھا جس کے سفارتی اور معاشی دونوں پہلو انتہائی اہم ہیں۔ آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت محض ایک تجارتی رعایت نہیں ایک اسٹریٹیجک پیغام ہے کہ ایران، پاکستان کو ایک ایسا پل تسلیم کرتا ہے جو اسے باقی دنیا سے جوڑ سکتا ہے۔ اسلام آباد میں منعقد ہونے والی چار ملکی

کرکٹر کا مقدمہ

زور قلم

مزمل سہروردی

کرکٹر نسیم شاہ کو ایک متنازعہ ٹویٹ کرنے پر پی سی بی نے دو کروڑ جرمانہ کر دیا ہے۔ اس کے ساتھ نسیم شاہ نے اس ٹویٹ پر معافی بھی مانگ لی ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا پی سی بی نے درست فیصلہ کیا ہے؟ کیا جرمانہ کافی سزا ہے۔

کچھ دوستوں کی رائے ہے کہ بات معافی پر ختم ہو جانی چاہیے تھی۔ لیکن کچھ دوستوں کی رائے ہے

کرتے ہیں۔ عوام کی محبت ان نوجوانوں کو خودسر بنا دیتی ہے، پھر کم عمری میں دولت بھی آجاتی ہے۔ ایسا صرف پاکستان میں نہیں ہے، دنیا بھر میں ایسا ہی ہے، اسی لیے ان نوجوانوں کو ڈسپلن

دفعہ پی سی بی کے خلاف بغاوت کی ہے۔ کپتانوں کے خلاف بغاوت کی گئی ہے، کھیلنے سے انکار کیا گیا۔ میچ فکسنگ کی گئی ہے۔ یہ سب کمزور رٹ کی وجہ سے ہوا ہے۔ اگر پی سی بی

جو لوگ اس کو مریم نواز کی ذات سے جوڑنے کی کوشش کر رہے ہیں، وہ کھیل کے ڈسپلن سمجھتے نہیں ہیں یا کھیلوں کو سیاست کی نذر کرنا چاہتے ہیں۔ جیسے کوئی سرکاری ملازم سیاسی پوسٹ نہیں لگا سکتا، کیونکہ وہ ریاست کا ملازم ہے، اس پر

اکھنڈ بھارت، گریٹر اسرائیل کچی نیند کے خواب

اظہار خیال

امیر محمد خان

آئس اور ویپ: نوجوان نسل پر منڈلاتا خطرہ

صدا بصحرا



رفیع صحرائی

دونوں تباہ ہونے لگتے ہیں۔ آئس کا اثر 36 سے 72 گھنٹوں تک رہ سکتا ہے جس دوران انسان مسلسل جاگتا رہتا ہے۔ اس کی بھوک اور نیند ختم ہو جاتی ہے اور دماغی توازن شدید متاثر ہوتا ہے۔ ظاہر ہے ایک خاص حد تک جاگنے اور کام کرنے

فیصلہ سازی، جذباتی توازن اور سماجی رویے بری طرح متاثر ہوتے ہیں۔ بعض افراد اس کے استعمال سے Psychosis جیسے خطرناک عارضے میں مبتلا ہو جاتے ہیں جہاں حقیقت اور وہم میں تمیز ختم ہو جاتی ہے۔ ویپ کو آپ

پاکستان کا فیصلہ کیا ہوگا؟

مہمان کالم

آصف محمود

اضطراب ۔۔۔۔۔ (اکبر الٰہ آبادی)



ناروے کے سفیر اور سیکرٹری ماحولیاتی تبدیلی معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں، مصدق ملک بھی موجود ہیں

انٹرا پارٹی انتخابات

الیکشن کمیشن نے 4 سیاسی جماعتوں کو نوٹس جاری کر دیئے

اسلام آباد (وقائع نگار) الیکشن کمیشن نے 4 سیاسی جماعتوں کو انٹرا پارٹی انتخابات نہ کروانے کے معاملے پر نوٹس جاری کر دیئے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق شاہد خاقان عباسی کی عوام پاکستان پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات کیس کی سماعت 7 اپریل کو ہوگی جبکہ متحدہ قومی موومنٹ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 36)

پاکستان اور ناروے میں ماحولیاتی تعاون کا معاہدہ

معاہدہ صاف توانائی کیلئے سنگ میل ہوگا، وزیر موسمیاتی تبدیلی

دوطرفہ ماحولیاتی تعاون کے نئے دور کا آغاز ہوگا، مصدق ملک کا بیان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان اور ناروے کے درمیان ماحولیاتی تعاون کا معاہدہ طے پا گیا اس سلسلے میں وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی کی زیر صدارت تقریب منعقد ہوئی جس میں پیرس معاہدے کے آرٹیکل 6 کے تحت پاکستان اور ناروے کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے۔ وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا کہ معاہدہ پاکستان میں کلائمیٹ سمارٹ ایگریکلچر اور صاف توانائی کے لیے سنگ میل ہوگا۔ اپنے بیان میں مصدق ملک نے کہا کہ شراکت داری سے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 35)

عبدالعلیم خان کا این ایچ اے میں مرمتی کاموں کے نام پر بھاری اخراجات کا نوٹس

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے این ایچ اے میں شفافیت اور احتساب کو یقینی بنانے کے لیے بڑے پیمانے پر نئی پالیسیوں کی منظوری دے دی ہے انہوں نے "ٹیکنیکل سپیسیفکیشنز" کے نام پر ہونے والے بھاری اخراجات کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے ملٹی نیشنل کمپنی VEON کا وفد ملاقات کر رہا ہے

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کیساتھ کھڑے ہیں، برطانیہ

برطانوی ڈائریکٹر جنرل خارجہ کا دورہ اسلام آباد، اہم ملاقاتیں، انسداد دہشتگردی تعاون مزید مضبوط بنانے کا عزم

عالمی غیر یقینی صورتحال میں تعاون اہم، مشترکہ سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مسلسل رابطہ ضروری ہے، ایڈ لیولین

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) برطانیہ کے ڈائریکٹر جنرل برائے خارجہ، دولت مشترکہ اور ترقیاتی امور ایڈ لیولین نے اسلام آباد کا دورہ کیا۔ برطانیہ کے ڈی جی پولیٹیکل نے اعلیٰ سطح پر ملاقاتیں کیں، برطانوی ڈائریکٹر جنرل نے خطے میں امن اور استحکام کے فروغ کیلئے برطانیہ کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کم کرنے کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا۔ شہری تنصیبات پر حملے روکنے کے لئے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 37)

پاکستان پر منفی اثرات، مہنگائی 19 ماہ کی بلند ترین سطح پر

مشرق وسطی کشیدگی

فروری کے مقابلے میں مارچ میں مہنگائی کی شرح میں 1.18 فیصد کا اضافہ ہوا، وفاقی ادارہ شماریات

مارچ میں سالانہ شرح 7.30 فیصد ہوگئی جو اگست 2024 کے بعد سب سے زیادہ ہے، اعدادوشمار

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) خطے کی کشیدہ صورت حال کے اثرات پاکستان پر بھی پڑنے لگے، ملک میں مارچ میں مہنگائی 19 ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی سے متعلق ماہانہ رپورٹ جاری کر دی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق فروری کے مقابلے میں مارچ میں مہنگائی کی شرح میں 1.18 فیصد کا اضافہ ہوا۔ مارچ 2026 میں مہنگائی بڑھنے کی سالانہ شرح 7.30 (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 25)

آٹسٹک بچوں کی نگہداشت اولین ترجیح، صدر وزیراعظم

یہ کمزوری نہیں، دنیا کو محسوس کرنے کا مختلف انداز ہے، آصف زرداری

ذہنی وجسمانی مشکل میں مبتلا متاثرین خود کو اکیلا نہ سمجھیں، شہباز شریف

اسلام آباد (وقائع نگار) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ آٹزم کوئی کمزوری نہیں، دنیا کو محسوس کرنے کا مختلف انداز ہے، حکومت بیماری کی ابتدائی تشخیص، جامع تعلیم، بحالی کی خدمات اور عوامی آگاہی کے ذریعے معاون نظام کو مضبوط بنانے میں مصروف ہے۔ آٹزم سے آگاہی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ اس دن ہم اس سال کے موضوع آٹزم اور انسانیت ہر زندگی قیمتی ہے" کے تحت اکٹھے ہوتے ہیں تاکہ آٹزم کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 34)

دو تہائی امریکی عوام جنگ کا فوری خاتمہ چاہتے ہیں، سروے

واشنگٹن (این این آئی) دو تہائی امریکی ایران جنگ فوری ختم کرنے کے حق میں سامنے آگئے۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 38)

آبنائے ہرمز بندش سے عالمی معیشت تباہ، امریکی سینیٹر

سویز کینال بلاک ہوئی تو معیشت پر مزید شدید اثرات مرتب ہونگے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینیٹر کرس مرفی نے خبردار کیا ہے کہ اگر یمن کے حوثی گروپ نے سویز کینال کو بلاک کر دیا تو عالمی معیشت پر مزید شدید اثرات مرتب ہوں گے۔ سینیٹر کرس مرفی نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر کہا کہ عالمی معیشت تباہ ہو رہی ہے کیونکہ ایران نے آبنائے ہرمز کو بند کر دیا ہے، سوچیں کہ یہ صورتحال کتنی زیادہ خراب ہو (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 39)

وفاقی وزیر علی پرویز و دیگر کا وزیرستان میں تیل و گیس پیداوار کے افتتاح کے موقع پر گروپ فوٹو

BISP کا عالمی اداروں کے ساتھ اشتراک پر اتفاق

چیئرپرسن، WHO، ڈبلیو ایف پی اور یونیسیف نمائندوں کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد اور سیکرٹری بی آئی ایس پی عامر علی احمد نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں بدھ کو عالمی ادارہ صحت، ورلڈ فوڈ پروگرام اور اقوام متحدہ کے بچوں کے فنڈ کے نمائندوں سے ملاقات کی جس میں بی آئی ایس پی مستحقین کی فلاح و بہبود اور موثر خدمات کی فراہمی کیلئے باہمی تعاون اور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 27)

کامیاب سفارتکاری! اسحاق ڈار کا وطن واپسی پر پرتپاک استقبال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی چین سے واپسی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد، اسحاق ڈار کا دورہ چین سے واپسی پر حنیف عباسی استقبال کر رہے ہیں

کراچی، صوبائی وزیر شرجیل میمن ٹیکسی پروجیکٹ معاہدے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آتشزدگی کیس، جسٹس عالیہ مختلف محکموں پر برہم

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کا جواب جمع نہ کرانے پر برہمی کا اظہار

عدالتوں کے ساتھ ایسا رویہ اپنانا چھوڑ دیں، جسٹس عالیہ نیلم کے ریمارکس

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے آگ لگنے کے واقعات روکنے کے لئے اقدامات بارے درخواست پر سماعت کرتے ہوئے محکمہ داخلہ، ریسکیو، ایل ڈی اے اور آئی جی پنجاب سمیت تمام فریقین سے 14 اپریل تک جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 40)

یوسف گیلانی، ایاز صادق کی APNS کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

اسلام آباد (وقائع نگار) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کے انتخابات میں کامیاب ہونے والے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 33)

تھرکول مائننگ میں آپریشنل مسائل کے خاتمے کیلئے اہم اصلاحات کا آغاز

اسلام آباد (وقائع نگار) وزیراعظم کی قیادت میں اور وفاقی وزیر برائے پاور اویس احمد لغاری کی سٹریٹجک ہدایت پر پاور ڈویژن نے تھرکول مائننگ میں آپریشنل مسائل (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 32)

ودہولڈنگ ٹیکس چھوٹ، بلڈرز، ڈویلپرز درخواست کے اہل

کمشنرز ان لینڈ ریونیو ہر درخواست کا بغور جائزہ، قانونی تقاضے پورے کرینگے

ایف بی آر کی سرٹیفکیٹس اجرا کیلئے مقررہ تمام مدتوں پر سختی سے پابندی کی ہدایت

اسلام آباد (وقائع نگار) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پراپرٹی شعبے سے وابستہ بلڈرز اور ڈویلپرز کیلئے دفعہ 236 سی کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کے لئے درخواست دینے کی سہولت فراہم کر دی ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے گزشتہ روز جاری سرکلر میں دفعہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 28)

پنجاب، ماحول دوست اقدامات، کورونا کے بعد پہلی بار AQI میں نمایاں بہتری

2026ء میں پنجاب ماحولیاتی تحفظ کے شعبے میں اپنی کارکردگی کا ریکارڈ خود توڑے گا، مریم نواز

سروسز ہسپتال آپریشن تھیٹر میں بجلی بندش، موبائل لائٹ میں آپریشن کا نوٹس، واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ماحول دوست اقدامات کے نتیجے میں 2025ء سموگ میں کمی اور فضائی معیار میں نمایاں بہتری کا سال ثابت ہوا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی گہری دلچسپی کے باعث کورونا کے بعد پہلی بار لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس میں نمایاں بہتری ریکارڈ ہوئی۔ پاکستان میں پارٹیکولیٹ میٹر کی اوسط سطح میں 7.8 فیصد کمی آ گئی۔ تمام صوبوں کے مقابلے میں پنجاب نے ماحولیاتی شعبے میں سب سے بہترین کارکردگی دکھائی، پارٹیکولیٹ میٹر میں 2.33 فیصد کمی دیکھی گئی۔ ماحولیاتی تحفظ کے ادارے کی رپورٹ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 41)

ڈیرہ، فائرنگ سے 6 افراد قتل، مرکزی ملزم مقابلے میں ہلاک

جاں بحق افراد موٹرسائیکل کی تلاش کیلئے آئے تھے، مخالفین نے فائرنگ کردی

دیگر ملزمان کے خلاف بھی گھیرا تنگ، گرفتاری کیلئے چھاپے جاری ہیں، پولیس

ڈی آئی خان (نمائندہ ممتاز) ڈیرہ اسماعیل خان میں فائرنگ سے 6 افراد جاں بحق ہوگئے جبکہ مرکزی ملزم مبینہ پولیس مقابلے میں مارا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق مقتولین چھینی گئی موٹرسائیکل کی تلاش کیلئے آئے تو ان پر مخالفین نے فائرنگ کردی تفتیشی حکام کے مطابق فائرنگ سے جاں بحق اور زخمیوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال پر منتقل کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 31)

پاکستان میں میری ٹائم انرجی سٹی کے قیام کا اعلان

ملکی وعالمی توانائی ضروریات

عالمی شراکت داروں کو تیل، مائع قدرتی و پٹرولیم گیس ذخیرہ اور برآمد کرنے کی سہولیات میسر آئیں گی

پاکستان کی ضروریات اولین ترجیح رہیں گی، منصوبہ عالمی طلب کو بھی پورا کرے گا، وزیر بحری امور جنید انوار

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے تیل، ایل این جی اور ایل پی جی کا ذخیرہ اور دوبارہ برآمد کیلئے "پاکستان میری ٹائم انرجی سٹی" (پی ایم ای سی) کے قیام کا اعلان کیا ہے جسے ملکی و عالمی توانائی ضروریات پوری کرنے اور پاکستان کے معاشی دائرہ کار کو وسعت دینے کی ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے ملکی ساحلی پٹی پر تین سے چار نئی بندرگاہوں کے قیام کے لیے مقامات کی نشاندہی سے متعلق ایک اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پہلے ہی خطے میں کشیدگی کے باوجود غیر ملکی ٹرانس شپمنٹ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب سے آئی ایف سی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ٹین ایجرز کیلئے انفرادی بینک اکاؤنٹس کی سہولت

13 تا 18 سال کے افراد کو خود مختار مالی رسائی حاصل ہوگی

نوعمر افراد اب اپنے اکاؤنٹس خود چلانے کے مجاز ہوں گے، ذرائع

اسلام آباد (کامرس ڈیسک) سٹیٹ بینک نے ٹین ایجرز کیلئے انفرادی بینک اکاؤنٹس اور ڈیجیٹل والیٹس کھولنے کی سہولت متعارف کروا دی جس میں 13 سے 18 سال کے افراد کو خود مختار مالی رسائی حاصل ہوگی۔ ذرائع کے مطابق نوعمر افراد اب اپنے اکاؤنٹس خود چلانے کے مجاز ہوں گے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق اس اقدام کا مقصد نوجوانوں میں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 42)

پنجاب، ای ٹیکسی سکیم، ساڑھے 3 لاکھ سے زائد درخواستیں

قرعہ اندازی کے بعد 1,100 امیدواروں کو شارٹ لسٹ کیا گیا تھا

سکیم کیلئے اپلائی کرنے والے 380 امیدواروں نے ڈاؤن پیمنٹ جمع کرادی

لاہور (ممتاز نیوز) پنجاب حکومت کی ماحول دوست ای ٹیکسی اسکیم میں اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ سکیم کے لیے اپلائی کرنے والے 380 امیدواروں نے ڈاؤن پیمنٹ جمع کرادی ہے۔ مجموعی طور پر سکیم کے لیے 3 لاکھ 50 ہزار سے زائد امیدواروں نے درخواستیں کرادیں۔ وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان کا کہنا تھا کہ قرعہ اندازی کے بعد (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 30)

کراچی، گرین بانڈ کی لسٹنگ تقریب سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ و دیگر شریک ہیں

روزگار کیلئے UAE جانیوالے پاکستانیوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ

سعودی عرب جانے والوں کی تعداد میں کمی ریکارڈ، قطر اور کویت کا رجحان بھی تبدیل ہوگیا

مارچ 2026ء میں 9,533 پاکستانی یو اے ای گئے، تعداد گزشتہ سال کی نسبت 320 فیصد زیادہ ہے

اسلام آباد (وقائع نگار) مشرق وسطی میں روزگار کے رجحانات میں نمایاں تبدیلی دیکھنے میں آئی ہے، جہاں متحدہ عرب امارات جانے والے پاکستانیوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق مارچ 2026ء میں 9,533 پاکستانی یو اے ای گئے۔ جو گزشتہ سال اسی ماہ کے 2,271 افراد کے مقابلے میں 320 فیصد زیادہ ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق فروری 2026ء میں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 44)

بنجر زمینوں کو قابل کاشت بنانے کیلئے موثر اقدامات جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان میں زرعی ترقی کا نیا باب، گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت بنجر زمینوں کو قابل کاشت بنانے کے لیے موثر اقدامات جاری ہیں، جبکہ جدید زرعی منصوبے تیزی سے کامیابی کی جانب گامزن ہیں۔ گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت چولستان کے وسیع صحرا میں جدید ٹیکنالوجی اور موثر حکمت عملی کے ذریعے بنجر زمین کو زرخیز بنانے کی عملی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 43)

تاجر عامر اعوان قتل، ملزمان کا 5 روزہ ریمانڈ منظور

جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت نے جسمانی ریمانڈ کی منظوری دی

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ احتشام مقرب کی عدالت نے وفاقی دارالحکومت میں تاجر عامر اعوان کے قتل کیس میں گرفتار ملزمان کا پانچ روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ گزشتہ روز سماعت کے دوران وفاقی پولیس کی جانب سے گرفتار ملزمان کو عدالت پیش کرتے ہوئے 8 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی اور کہا گیا کہ ملزمان نے آلہ قتل اور چوری (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 45)

عید کا چاند دیکھنے والی مشین الٹی، ثبوت عدالت پیش

جمعہ کی عید تھی رویت ہلال کمیٹی نے ہفتے کو کروائی، درخواستگزار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں عید کا چاند دیکھنے کے حوالے سے مقدمے کی سماعت کے دوران دلچسپ ریمارکس سامنے آئے۔ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے عید کا چاند دیکھنے کے بعد جلدی اعلان کرنے کی درخواست پر سماعت کی۔ اس موقع پر درخواست گزار عبداللہ شفیق ذاتی حیثیت میں عدالت کے روبرو پیش (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 47)

فیصل آباد گرین فیلڈ ایئرپورٹ منصوبے کے کنسلٹنسی معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) جدید ہوابازی انفراسٹرکچر کی جانب اہم پیش رفت پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کا فیصل آباد میں بڑے منصوبے کا آغاز کر دیا گیا۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے مطابق فیصل آباد گرین فیلڈ ایئرپورٹ منصوبے کے کنسلٹنسی معاہدے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 46)

کراچی، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سانحہ گل پلازہ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب: ای چالان سسٹم لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ میں پنجاب حکومت کے سیف سٹی ای چالان سسٹم کو چیلنج کر دیا گیا۔ لاہور میں قانون کی طالبہ جمیلہ فاطمہ نے درخواست میں موقف (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 48)

طالبان رجیم و TTP گٹھ جوڑ دنیا کیلئے خطرناک قرار

اسلام آباد/سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی جریدے دی کنورسیشن کے مطابق افغان طالبان رجیم نے دہشتگردوں کو افغان سرزمین سے پاکستان پر حملے کرنے کی چھوٹ بھی دے رکھی ہے۔ دی کنورسیشن کی رپورٹ میں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 49)

SECP ریفارمز کیلئے وفاقی وزیر قانون کی سربراہی میں کمیٹی قائم

وزیر قانون کی زیر صدارت کمیٹی کا پہلا اجلاس، ایس ای سی پی کے انفورسمنٹ رجیم کو موثر بنانے کی تجاویز پر غور

ریگولیٹری قانون پر عملدرآمد کو بہتر بنانے کے لیے ادارہ جاتی اصلاحات پر بھی توجہ دی جائے، اعظم نذیر تارڑ کی گفتگو

اسلام آباد (ممتاز نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) میں ریگولیٹری اصلاحات لانے، کمیشن کی انفورسمنٹ کو فعال اور موثر بنانے کے لیے سفارشات تیار کرنے کے لیے وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ کمیٹی کا پہلا اجلاس وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ایس ای سی پی کی انفورسمنٹ بہتر بنانے، زیر التواء مقدمات کے تیز ترین حل، عائد کردہ جرمانوں کی ریکوری اور سرمایہ کاروں کے مفادات کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 51)

پنجاب، سکولز میں جمعہ کو ہفتہ وار چھٹی کا اعلان

لاہور (نیوز رپورٹر) محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے صوبے بھر کے سرکاری و نجی سکولوں کے لئے نئے اوقات کار کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اب پنجاب (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 50)

زرعی نظام مضبوط، سٹریٹجک ذخائر کو بہتر بنانے پر زور

خریداری نظام میں تاخیر سے منڈی میں بگاڑ پیدا ہو سکتا، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ حالیہ جغرافیائی سیاسی کشیدگی اور مشرق وسطی کی صورتحال نے عالمی خوراک کی سپلائی چینز کی کمزوری کو مزید نمایاں کر دیا ہے۔ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین کی زیر صدارت نیشنل ویٹ اوورسائٹ کمیٹی کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں گندم (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 53)

چھتیں، دیوار گرنے سے 6 بچوں سمیت 10 افراد جاں بحق

قصور میں شادی ہال کی دیوار کے ملبے تلے دب کر 4 بچے چل بسے

قصور، ایبٹ آباد، باجوڑ، ژوب (نمائندگان ممتاز) بارش کے باعث خستہ حال چھتیں اور دیواریں گرنے سے 6 بچوں سمیت 10 افراد جاں بحق ہو گئے، قصور میں شادی ہال کی دیوار گرنے سے چار بچے جاں بحق ہوئے، ذرائع کے مطابق مرنے والے بچوں میں عمر فاروق، اللہ وسایا، حبیب اور حیدر شامل ہیں جو گرنے والی دیوار کے قریب بیٹھے تھے۔ پولیس کے مطابق شادی ہال کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کفایت شعاری، پنجاب میں فیلڈ افسران کیلئے نئی گاڑیوں کی خریداری روک دی گئی

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب حکومت نے عالمی توانائی بحران کے پیش نظر کفایت شعاری کو فروغ دینے کے لیے اہم فیصلہ کرتے ہوئے فیلڈ افسران کیلئے نئی گاڑیوں کی خریداری روک دی۔ ذرائع کے مطابق پنجاب حکومت نے مختلف محکموں کے فیلڈ افسران کے لئے 100 (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 54)

ایڈیٹر انچیف و پبلشر عاقل جمال بٹ نے نئی بات پرنٹنگ پریس، پلاٹ نمبر 93 سٹریٹ نمبر 7، انڈسٹریل ایریا آئی ٹین تھری، اسلام آباد سے چھپوا کر دفتر روزنامہ ممتاز، پلاٹ نمبر 8-A سٹریٹ نمبر 1-B انڈس بلاک، ممتاز سٹی راولپنڈی، ایم جی سی کمپلیکس، پلاٹ نمبر 12-E، جی ایٹ مرکز اسلام آباد سے شائع کیا۔
مینجنگ ایڈیٹر ڈاکٹر احسن طارق بٹ
فون نمبر 051-8437993
فیکس نمبر 051-8357772، ای میل
mumtazisb9@gmail.com